Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 — ہفتہ، 11 اپریل 2026ء، 22 شوال المکرم 1447ھ، قیمت 10 روپے — شمارہ 349

1973ء کا آئین قومی اتحاد کی درخشندہ علامت ہے، وزیراعظم

آج ہم، آئین اسلامی جمہوریہ پاکستان کی منظوری کا دن قومی جذبہ سے منا رہے ہیں۔ ہم دستور کے معماروں کو خصوصی خراج تحسین پیش کرتے ہیں

آئین عوام اور ریاست کے مابین مقدس معاہدے کا نام ہے جو دونوں کے حقوق و فرائض کا قانونی، اخلاقی اور انتظامی تعین کرتا ہے، وزیراعظم محمد شہباز شریف کا یوم دستور 10 اپریل 2026 کے موقع پر پیغام



اسلام آباد (این ای این) آج ہم، آئین اسلامی جمہوریہ پاکستان کی منظوری کا دن قومی جذبہ سے منا رہے ہیں۔ ہم دستور کے معماروں کو خصوصی خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ آئین عوام اور ریاست کے مابین مقدس معاہدے کا نام ہے جو دونوں کے حقوق و فرائض کا قانونی، اخلاقی اور انتظامی تعین کرتا ہے۔ 10 اپریل 1973 کو منظور کیے گئے متفقہ آئین پاکستان نے ملک میں پارلیمانی جمہوری نظام حکومت اور ریاست پاکستان کے مضبوط اور اجاتی ڈھانچے کی بنیاد رکھی۔ 1973 کا آئین، پاکستان تمام شہریوں کے بنیادی انسانی حقوق کا محافظ ہے۔ یہ آئینی دستاویز تفصیل سے بنیادی انسانی حقوق کو بیان کرتی ہے بلکہ انکی فراہمی کے لیئے قانونی لائحہ عمل کو بھی یقینی بناتی ہے۔ 1973 کا آئین، وفاق پاکستان اور قومی اتحاد کی درخشندہ علامت ہے۔ وفاق پاکستان کی تمام ریاستی اکائیاں قومی یگانگت اور مجموعی معاشی (بقیہ نمبر 1)

مشرق وسطی کشیدگی سے پاکستان سمیت کئی ممالک متاثر

تیل و گیس کی قیمتوں میں اضافہ، مہنگائی کا دباؤ بڑھ گیا

پاکستان کی معاشی ترقی 4.2 فیصد کے سالانہ ہدف سے کم رہنے کی پیشگوئی

اسلام آباد (این این آئی) عالمی بینک نے کہا ہے کہ مشرق وسطی کشیدگی سے پاکستان سمیت کئی ممالک متاثر ہیں، تیل و گیس کی قیمتوں میں اضافہ ہوا اور مہنگائی کا دباؤ بڑھ گیا۔ عالمی بینک نے پاکستان سمیت علاقائی معاشی صورت حال پر رپورٹ جاری کر (بقیہ نمبر 2)

راولپنڈی ریلوے اراضی پر بڑا آپریشن، کروڑوں کی زمین واگزار

آپریشن کے دوران 15 پختہ تجاوزات سمیت متعدد کمرشل دکانیں مسمار کر دی گئیں، ترجمان

راولپنڈی (این این آئی) ریلوے پولیس نے قبضہ مافیا کے خلاف بڑا ایکشن لیتے ہوئے گڈز ایپروچ روڈ پر گرینڈ اینٹی انکروچمنٹ آپریشن کے دوران کروڑوں روپے مالیت کی قیمتی اراضی واگزار کرا لی۔ ترجمان (بقیہ نمبر 5)

اسٹامپ ڈیوٹی ترمیمی آرڈیننس 2026ء پر دستخط

شہری و دیہی علاقوں میں ڈیوٹی یکساں، شرح 1 فیصد مقرر، دیہی جائیداد خریداروں کو بڑی سہولت

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے اسٹامپ ڈیوٹی ترمیمی آرڈیننس 2026ء پر دستخط کر دیئے۔ آرڈیننس کے جاری ہونے سے دیہی علاقوں میں جائیداد کی خرید و فروخت کرنے والوں کے (بقیہ نمبر 4)

ہفتہ وار مہنگائی میں 1.93 فیصد کا بڑا اضافہ

مہنگائی کی مجموعی سالانہ شرح ڈبل ڈیجٹ میں داخل، 12.15 فیصد تک پہنچ گئی، ادارہ شماریات

لاہور (این این آئی) ملک میں ہفتہ وار مہنگائی میں 1.93 فیصد کا بڑا اضافہ ہو گیا جس سے مہنگائی کی مجموعی سالانہ شرح ڈبل ڈیجٹ میں داخل ہو کر، 12.15 فیصد تک پہنچ گئی۔ ادارہ شماریات کے مطابق ایک ہفتے (بقیہ نمبر 3)

سوشل میڈیا پر ہراسمنٹ اور بلیک میلنگ کے خاتمے کیلئے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس میں سائبر کرائم کے حوالے سے اہم فیصلے

پنجاب سائبر کرائم یونٹ کے قیام کی منظوری

سوشل میڈیا بلیک میلنگ اور ہراسمنٹ سے متاثرہ کم عمر بچے اور بچیوں کی شکایت کے اندراج کیلئے موبائل یونٹ قائم کیا جائیگا، سوشل میڈیا ہراسمنٹ کا شکار بچے بالخصوص خواتین ورچوئل پولیس اسٹیشن پر بھی شکایت درج کرا سکیں گی

سائبر کرائم یونٹ فرنٹ ڈیسک اور ''پی کے ایم'' ایپ پر بھی شکایت درج کی جا سکے گی، سوشل میڈیا بلیک میلنگ اور ہراسمنٹ کا ارتکاب کرنیوالے مجرموں کو قرار واقعی سزا دینے کیلئے قانون سازی کا فیصلہ

پنجاب آن لائن سیفٹی ایکٹ 2026ء کے ابتدائی مسودے پر کام شروع، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی سائبر کریمنل کی سرکوبی کیلئے پروایکٹو اپروچ اپنانے کی ہدایت

سوشل میڈیا مانیٹرنگ اور سرویلنس کیلئے انٹیلی جنس سسٹم بھی قائم کیا جائیگا، سائبر کرائم بہت بڑا چیلنج ہے، نئی نسل کا تحفظ چاہتے ہیں، بچیوں کو بلیک میلنگ سے بچانے کیلئے ٹیکنالوجی اور ٹولز کا بھرپور استعمال کیا جائیگا

کسی بھی شخص کو دوسروں کی پرائیویسی میں دخل اندازی کا ہرگز حق حاصل نہیں، سوشل میڈیا کریمنلز کو انجام تک پہنچا کر مثال قائم کریں گے، پنجاب پولیس سائبر پٹرول ونگ اور سائبر پولیس اکیڈمی بھی قائم کی جائیگی، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (این ای این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بہت بڑا اقدام اٹھاتے ہوئے سوشل میڈیا پر بچوں اور خواتین کی ہراسمنٹ اور بلیک میلنگ کے خاتمے کیلئے پنجاب سائبر کرائم یونٹ کے قیام کی منظوری دے دی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ بلیک میلنگ اور ہراسمنٹ کا شکار بچوں اور بچیوں کو شکایت کیلئے کسی تھانے یا دفتر میں نہیں جانا پڑے گا۔ سوشل میڈیا بلیک میلنگ اور ہراسمنٹ سے متاثرہ کم عمر بچے اور بچیوں کی شکایت کے اندراج (بقیہ نمبر 15)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

پنجاب حکومت کا احتساب کا عمل مزید مؤثر بنانے کا فیصلہ

محکمہ لیبر اور سوشل سکیورٹی اداروں کے اکاؤنٹس کا آڈٹ آڈیٹر جنرل آف پاکستان سے کروایا جائے گا

ترمیم میں قانون کے مطابق متعلقہ ریگولیٹری اداروں کی شرائط پوری کرنا لازمی قرار دینے کی تجویز بھی شامل کی گئی ہے

لاہور (این ای این) پنجاب حکومت کا احتساب کا عمل مزید مؤثر بنانے کے حوالے سے فیصلہ سامنے آیا ہے، محکمہ لیبر اور سوشل سکیورٹی اداروں کے اکاؤنٹس کا آڈٹ آڈیٹر جنرل آف پاکستان سے کروایا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق صوبائی ایمپلائز سوشل سکیورٹی آرڈیننس 1965 میں ترمیم کا بل قائمہ کمیٹی برائے لیبر پنجاب اسمبلی کو موصول ہو گیا ہے بل کے متن کے مطابق محکمہ لیبر کا آڈٹ آڈیٹر جنرل (بقیہ نمبر 22)

سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی سے پنجاب حکومت اور ریلوے کے مشترکہ شراکت داری کے منصوبوں پر گفتگو کر رہی ہیں

سرکاری محکموں میں خالی آسامیوں کو ختم کرنے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے صوبے کے مختلف سرکاری محکموں میں عرصہ دراز سے خالی پڑی گریڈ 1 سے 16 تک کی آسامیوں کو ختم کرنے (بقیہ نمبر 7)

صوبائی وزیر محنت کا سوشل سکیورٹی ہسپتال سیالکوٹ کا دورہ

کام کے معیار اور رفتار پر کوئی سمجھوتا نہیں ہو گا، محمد منشاء اللہ بٹ

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت محمد منشاء اللہ بٹ نے سوشل سکیورٹی ہسپتال سیالکوٹ کا دورہ کیا۔ ہسپتال کی ری ویمپنگ اور امپرومنٹ منصوبہ کو 15 مئی تک مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ کمشنر پیسی ذوالفقار علی کھرل، رکن صوبائی اسمبلی پنجاب (بقیہ نمبر 6)

فیصل آباد میں صحافی کالونی رواں سال ہی بنائی جائے گی، صوبائی وزیر اطلاعات

پنجاب حکومت اس کیلئے کام کر رہی ہے۔ فیصل آباد سمیت دو شہروں میں صحافی کالونی رواں سال بنا دی جائے گی

عظمیٰ بخاری کی فیصل آباد یونین آف جرنلسٹس کے وفد سے لاہور پریس کلب میں مختصر ملاقات کے دوران گفتگو

فیصل آباد (نمائندہ خصوصی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ زاہد بخاری نے کہا ہے کہ فیصل آباد میں صحافی کالونی کا قیام رواں سال کے دوران ہی عمل میں لایا جائے گا۔ پنجاب حکومت اس کیلئے کام کر رہی ہے۔ فیصل آباد سمیت دو شہروں میں صحافی کالونی رواں سال بنا دی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز فیصل آباد یونین آف جرنلسٹس کے وفد سے لاہور پریس کلب میں مختصر (بقیہ نمبر 8)

سرکاری سکولوں میں ایم فل، پی ایچ ڈی اساتذہ کا ٹیسٹ لینے کا فیصلہ

ٹیسٹ پاس کرنے والے اعلیٰ تعلیم یافتہ اساتذہ کو سکولوں میں تعینات کیا جائیگا

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر کے سرکاری سکولوں میں ایم فل، پی ایچ ڈی اساتذہ کا ٹیسٹ لینے کا فیصلہ کیا گیا ہے، ٹیسٹ پاس کرنے والے اعلیٰ تعلیم یافتہ اساتذہ کو ہائی اور ہائر سیکنڈری سکولوں میں تعینات کیا جائے گا۔ بتایا گیا ہے کہ ہائی سکولوں میں تعینات (بقیہ نمبر 23)

معروف سیاسی و سماجی شخصیت ضیاء الرحمن غازی پاکستان عوامی قوت پارٹی میں شامل

اس موقع پر چیئرمین پاکستان عوامی قوت پارٹی خاقان وحید خواجہ نے ضیاء الرحمن غازی کو پارٹی مفلر پہنا کر مبارکباد پیش کی

ضیاء الرحمن غازی محب الوطنی، ملک و قوم کی بہتری کے وژن اور سیاسی بصیرت سے متاثر ہو کر پارٹی میں شامل ہوئے ہیں، چیئرمین خاقان وحید خواجہ

پشاور (محمد فیصل ندیم سے) صوبہ خیبر پختونخوا کی معروف سیاسی و سماجی شخصیت ضیاء الرحمن غازی نے عوام کے جم غفیر کی موجودگی میں پاکستان عوامی قوت پارٹی میں باقاعدہ شمولیت کا اعلان کر دیا۔ اس موقع پر چیئرمین پاکستان عوامی قوت پارٹی خاقان وحید خواجہ نے ضیاء الرحمن غازی کو پارٹی مفلر پہنا کر مبارکباد پیش کی۔ تقریب میں کارکنان کی بڑی تعداد موجود تھی اور ماحول پرجوش نعروں سے گونجتا رہا۔ نومنتخب صدر کے پی کے ضیاء الرحمن غازی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وہ چیئرمین خاقان وحید خواجہ کی محب الوطنی، ملک و قوم کی (بقیہ نمبر 16)

لاہور: صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق اور مشیر وزیراعلیٰ ذیشان ملک لاہور میں ستھرا پنجاب کے حوالے سے اجلاس میں شریک ہیں

سی پیک فیز ٹو، پاکستان کی چین کو پانچ ترجیحی شعبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت

سوجو (این این آئی) شنگھائی میں پاکستان کے قونصل جنرل، شہزاد احمد خان نے چینی کمپنیوں کو باضابطہ دعوت دی ہے کہ وہ پانچ اہم شعبوں زراعت، ٹیکسٹائل، قابل تجدید توانائی، مواصلاتی ٹیکنالوجی اور صارف اشیاء کی تیاری میں سرمایہ کاری کریں، کیونکہ چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) (بقیہ نمبر 9)

لاہور: پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف سے گورنر سندھ نہال ہاشمی ملاقات کر رہے ہیں

نواز شریف اور مریم نواز سے گورنر سندھ نہال ہاشمی کی ملاقات

ایران امریکہ جنگ بندی میں پاکستان کے کردار پر مبارکباد پیش کی

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے گورنر سندھ نہال ہاشمی نے ملاقات کی، ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اور عمومی ملکی صورتحال پر گفتگو ہوئی۔ گورنر سندھ نہال ہاشمی نے ایران امریکہ جنگ بندی میں پاکستان کے کردار اور بے مثال کامیابی پر مبارکباد پیش کی۔ گورنر سندھ نہال ہاشمی نے اظہار اعتماد پر قائد محمد نواز شریف کا شکریہ ادا کیا۔

ویسٹ ٹو ویلیو فیز میں ستھرا پنجاب کا ایک نیا کردار سامنے آنے والا ہے، وزیر بلدیات

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا ہے کہ ستھرا پنجاب پروگرام کی کمپنی سے اتھارٹی ماڈل کو منتقلی سے کارکردگی میں بہتری آئے گی، ویسٹ ٹو ویلیو فیز میں ستھرا پنجاب کا ایک نیا کردار سامنے آنے والا ہے۔ وہ ایم سی ایل ٹاؤن ہال میں ایک اجلاس کے دوران اظہار خیال کر رہے تھے جس میں وزیراعلیٰ کے مشیر برائے سیاسی امور ذیشان ملک اور ڈپٹی کمشنر لاہور کیپٹن ریٹائرڈ محمد علی اعجاز نے بھی شرکت کی جبکہ ڈائریکٹر جنرل (بقیہ نمبر 17)

پاکستان عوامی قوت کے نومنتخب صدر کے پی کے ضیاء الرحمن غازی اپنے ساتھیوں سمیت حلف اٹھا رہے ہیں، جبکہ سیکرٹری جنرل ملک اعجاز احمد نے حلف لیا۔ اس موقع پر سربراہ خاقان وحید خواجہ بھی اسٹیج پر موجود ہیں

وزیر قانون رانا محمد اقبال کی زیر صدارت پیڈرا کا اہم اجلاس

اتھارٹی کے رولز میں مجوزہ ترامیم پر تفصیلی جائزہ، سیکرٹری قانون، ڈی جی اے ڈی آر اے کی بریفنگ

عام آدمی کو اس کے قانونی حقوق اور اے ڈی آر کے طریقہ کار سے آگاہ کرنا نہایت ضروری ہے، رانا اقبال

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خان کی زیر صدارت پنجاب آلٹرنیٹ ڈسپیوٹ ریزولوشن اتھارٹی (پیڈرا) کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں اتھارٹی کے رولز میں مجوزہ ترامیم پر تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سیکرٹری قانون آصف بلال لودھی اور ڈی جی اے ڈی آر اے جاوید اکبر بھٹی نے صوبائی وزیر کو جامع بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ پیڈرا کا قیام ایک انقلابی اقدام ثابت (بقیہ نمبر 10)

ریڈ زون کو مکمل سیل کیا جائے گا، وفاقی وزیر داخلہ

وفود کی مہمان نوازی اور سکیورٹی کیلئے ہر ممکن اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے آنے والے وفود کی مہمان نوازی اور سکیورٹی کیلئے ہر ممکن اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 18)

منشیات اسمگلنگ کیس، مرکزی ملزم کو عمر قید، 15 لاکھ جرمانے کی سزا

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج نارووال نے چار ملزمان کو شک کا فائدہ دے کر بری کر دیا

نارووال (این این آئی) ڈرون کے ذریعے منشیات کی سمگلنگ کے کیس میں ملزم کو عمر قید اور 15 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنا دی گئی۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج نارووال محمد عارف حمید شیخ نے مشہور زمانہ منشیات مقدمہ نمبر 6e102/25 9(1) (بقیہ نمبر 19)

لاہور: سول سروسز اکیڈمی لاہور میں پاکستان ایڈمنسٹریو سروں کے 48 ویں سپیشلائزڈ ٹریننگ پروگرام کی پاسنگ آؤٹ تقریب میں ڈاکٹر فرحان عزیز خواجہ افسران میں اسناد تقسیم کر رہے ہیں

تربت، کیچ کورندی کے قریب 2 مقامی افراد کی لاشیں برآمد

تربت (این این آئی) تربت میں کیچ کورندی کے قریب سے 2 مقامی افراد کی لاشیں ملی ہیں۔ پولیس کے مطابق دونوں افراد کو فائرنگ کر کے قتل کیا گیا ہے۔ پولیس نے بتایا کہ حقیقت جاننے اور مجرم کو گرفتار کرنے کے لیے مزید تفتیش کی جا رہی ہے۔ دونوں (بقیہ نمبر 11)

اپٹما نے ہمیشہ پاکستان فرسٹ کے عہد کو نبھایا ہے، کامران ارشد

امن مذاکرات کے بعد وزیراعظم سے مل کر اس مسئلے کا حل نکال لیں گے

اسلام آباد (این این آئی) آل پاکستان ٹیکسٹائل ملز ایسوسی ایشن (اپٹما) کے چیئرمین کامران ارشد نے کہا ہے کہ متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کی طرف سے 2 ارب ڈالرز واپس لینے کی صورت میں متبادل حل دے دیا ہے۔ اپنے بیان میں کامران ارشد نے بتایا کہ صنعت کار 2 ارب ڈالرز کا فنڈ بنا کر اسٹیٹ بینک کو جمع کروانے پر غور کر رہے ہیں، ہم (بقیہ نمبر 13)

پاکستان مورل تحفظ کے عالمی معیار سازی گروپ میں شامل

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے دیواروں پر بنی قدیم مصوری (مورلز) کے تحفظ سے متعلق عالمی تکنیکی معیارات کو مزید بہتر بنانے کے لیے چین کی قیادت میں قائم 15 ممالک پر مشتمل ایک بین الاقوامی ورکنگ گروپ میں شمولیت اختیار کر لی ہے۔ یہ اقدام پاکستان کے اس وسیع اور متنوع مغل اور (بقیہ نمبر 12)

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق ساہیوال انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں زیر علاج مریضوں کی عیادت کر رہے ہیں، سیکرٹری صحت عظمت محمود سمیت دیگر بھی ہمراہ ہیں

پاکستان کی معیشت بحالی کی جانب گامزن، 2025 بہتر سال قرار

معاشی شرح نمو 2026 میں 3.5 فیصد تک رہے گی، 2027 میں مزید بہتری کیساتھ 4.5 فیصد تک پہنچنے کا امکان

2026 میں نجی سرمایہ کاری میں اضافہ معاشی ترقی کو سہارا دے گا، تعمیراتی شعبہ بجٹ مراعات، سیلاب سے بحالی کے منصوبوں سے مستفید ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) ایشین ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) نے پاکستان کے حوالے سے اپنی تازہ معاشی آؤٹ لک رپورٹ جاری کر دی۔ رپورٹ کے مطابق مالی سال 2025 میں معاشی نمو میں بہتری دیکھی گئی جبکہ مہنگائی میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی۔ اے ڈی بی نے کہا کہ سخت معاشی پالیسیوں اور اصلاحات نے پاکستان کی معیشت کو سہارا دیا اور استحکام کی بنیاد فراہم کی۔ رپورٹ میں پیشگوئی کی گئی ہے کہ پاکستان کی معاشی شرح نمو 2026 میں 3.5 فیصد تک رہے گی جبکہ 2027 میں مزید بہتری کے ساتھ 4.5 فیصد تک (بقیہ نمبر 14)

بین الاقوامی تحقیق اور ٹیم ورک کے بغیر معیاری طب ممکن نہیں

کلینیکل ڈیٹا اور جدید سپیشلائزیشن کو اپنانا وقت کی ضرورت ہے، پروفیسر آفتاب احمد

لاہور (این این آئی) پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر فاروق افضل نے کہا ہے کہ ایک بہترین معالج بننے کے لیے عالمی سطح پر ہونے والی جدید طبی تحقیق سے ہم آہنگی ناگزیر ہے اور مریضوں کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے (بقیہ نمبر 20)

ٹرمپ اسلام آباد امن مذاکرات سے بہت پر امید

اگر معاہدہ نہ ہوا تو صورتحال بہت تکلیف دہ ہو سکتی ہے، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ امن معاہدہ قریب ہو سکتا ہے اور پیش رفت مثبت سمت میں جاری ہے جبکہ (بقیہ نمبر 21)

راولپنڈی: سی پی او سید خالد محمود ہمدانی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں سکیورٹی کے حوالے سے میٹنگ کے دوران افسران کو ہدایت دیتے ہوئے

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar — عوام کی بے ساختہ للکار

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ایکسپائر شناختی کارڈ اور سیکیورٹی رسک

نادرا حکام کی جانب سے یہ انکشاف کہ ملک میں 81 لاکھ سے زائد سمیں زائد المیعاد شناختی کارڈوں پر فعال ہیں، اس امر کی نشاندہی کرتا ہے کہ ہمارے ڈیجیٹل شناختی اور مواصلاتی نظام میں خطرناک خلا موجود ہے۔ زائد المیعاد شناختی کارڈوں پر چلنے والی یہ سمیں جرائم پیشہ عناصر کیلئے ایک محفوظ ڈھال ثابت ہوتی ہیں۔ ایسے نمبر دہشت گردی، مالیاتی فراڈ، بھتہ خوری، سوشل میڈیا پر جعلی اکاؤنٹس اور دیگر غیر قانونی سرگرمیوں میں استعمال ہو سکتے ہیں، جہاں اصل صارف کی شناخت تک پہنچنا مشکل ہو جاتا ہے۔ فوت شدگان کے نام پر جاری سمیں تو کہیں زیادہ تشویش کا باعث ہیں۔

لہٰذا زائد المیعاد شناختی کارڈ پر چلنے والی تمام سموں کو فوری طور پر بلاک کیا جانا چاہیے۔ اس کیساتھ حکومت کو ایک واضح، مستقل اور سخت پالیسی بھی وضع کرنی چاہیے جس کے تحت شناختی کارڈ کی تجدید نہ کرانے کی صورت میں ایک مقررہ مدت کے بعد نہ صرف موبائل سم بلکہ دیگر شہری سروسز بھی عارضی طور پر معطل کر دی جائیں تاکہ شہریوں کو ذمہ دار بنایا جا سکے۔ اس ضمن میں سب سے پہلے نادرا، پی ٹی اے اور پبلک سیکٹر کے درمیان مکمل ڈیٹا انٹیگریشن کو یقینی بنایا جائے تاکہ کسی بھی شناختی کارڈ کی میعاد ختم ہوتے ہی متعلقہ خدمات خودکار طور پر معطل ہو جائیں۔ ساتھ ہی تجدید کے عمل کو مزید آسان، سستا اور ڈیجیٹل بنایا جائے تاکہ کسی کو تاخیر کا جواز نہ مل سکے۔

چشمِ نم
رشید احمد نعیم
Rasheed03014033622@gmail.com

امریکی صدر کی وکٹری اسپیچ۔ حقیقت یا محض بیانیہ سازی؟

مشرقِ وسطیٰ کی خاک وخون میں لپٹی ہوئی حالیہ جنگ جو فروری 2026 کے آخری ہفتے میں اچانک بھڑکی اور دیکھتے ہی دیکھتے ہفتوں تک شعلہ فشاں میدانِ کارزار میں تبدیل ہوگئی۔ یہ جنگ اب ایک عارضی جنگ بندی کے سائے میں ضرور آ گئی ہے۔ میدانِ جنگ عارضی طور پر خاموش ہے۔ اس کشیدہ اور تباہ کن تصادم کے بعد امریکی صدر Donald Trump کی جانب سے پیش کی جانے والی "وکٹری اسپیچ"، عالمی سیاسی و سفارتی حلقوں میں شدید بحث کا موضوع بن چکی ہے۔ یہ خطاب عسکری برتری اور حکمتِ عملی کی کامیابی کا اعلان ہے۔ امریکی صدر Donald Trump کی "وکٹری اسپیچ" سن کر راقم الحروف سوچوں میں گم ہے کہ یہ فتح کس پیمانے پر ناپی جا رہی ہے؟ یہ کیسی فتح ہے کہ جب فریقِ ثانی ایران ڈٹ کے کھڑا ہے تو پھر امریکہ کس بنیاد پر جیت کا دعویٰ کر رہا ہے؟

کیا امریکہ کو وہ تمام اہداف واقعی حاصل ہو گئے جن کے نام پر اس جنگ کی بنیاد رکھی گئی تھی؟

کیا ایران میں سیاسی نقشہ بدلنے کا خواب جسے عالمی اصطلاح میں "Regime Change" کہا جاتا ہے حقیقت میں ڈھل سکا؟ یا پھر زمینی سچائی یہ ہے کہ ایرانی ریاست پہلے سے زیادہ سخت، زیادہ مربوط اور زیادہ مزاحم ہو کر ابھری ہے؟ کیا وہ قیادت جسے کمزور کرنے کا دعویٰ کیا گیا تھا مزید ایک علامتِ مزاحمت بن کر سامنے نہیں آ گئی؟

کیا وہ "فیصلہ کن ضربیں" جن کا اعلان ابتدا میں گونج دار لہجے میں کیا گیا تھا واقعی اپنے ہدف تک پہنچ سکیں؟ یا پھر وہ ضربیں صرف فضاؤں میں گم ہو کر رہ گئیں اور زمین پر صرف تباہ شدہ عمارتوں، بکھرے ہوئے ملبے اور زخمی چیخوں کی صورت باقی رہ گئیں؟

کیا ایران کی سرزمین پر کسی عملی زمینی قبضے کی بنیاد رکھی جا سکی؟ یا یہ پوری جنگ فضائی حملوں، میزائلوں، ڈرونز اور بیانیہ جنگ کے ایک ایسے دائرے میں قید رہی جس کا اختتام اب ایک غیر واضح وقفے پر ہوا ہے؟

دنیا کی معیشت کی نازک ترین شہ رگ آبنائے ہرمز پر مکمل کنٹرول کا خواب کہاں گیا؟ کیا وہ حقیقت بنا یا پھر آج بھی یہ خطہ ایک غیر یقینی خطرے کے سائے میں سانس لے رہا ہے؟

کیا امریکی اور اتحادی اڈے مکمل تحفظ کے دعوؤں پر قائم رہ سکے؟ یا وہ خود جوابی حملوں، دباؤ اور مسلسل خطرات کی زد میں رہے جس نے "مکمل کنٹرول" کے تصور کو کمزور کر دیا؟

سب سے بڑا سوال یہ ہے کہ عالمی اتحاد خصوصاً نیٹو جس کی غیر متزلزل حمایت کا دعویٰ کیا جاتا رہا ہے وہ حقیقت میں کہاں کھڑا تھا؟ کیا وہ واقعی ایک متحد تھا؟ یا اس صف میں دراڑیں، ہچکچاہٹیں اور سفارتی فاصلے پہلے سے زیادہ واضح ہو گئے؟ یہ وہ سوالات ہیں جو جذباتی تقاریر کے شور میں دبائے نہیں جا سکتے۔ یہ وہ سوالات ہیں جو ملبے کے درمیان کھڑے ہو کر زخمی زمین کی خاموشی میں اپنے جواب خود مانگتے ہیں کیونکہ راقم الحروف کے نزدیک بنیادی نکتہ یہی ہے اگر اہداف مکمل طور پر حاصل نہیں ہوئے تو پھر فتح کا اعلان کس چیز کا ہے؟ کیا یہ محض ایک سیاسی اسکرپٹ تھا جو پہلے سے لکھا جا چکا تھا؟ یا اسے خفت کے لیے فیس سیونگ کہہ سکتے ہیں؟

کیا یہ داخلی رائے عامہ کو مطمئن کرنے کے لیے ترتیب دیا گیا ایک بیانیہ ہے یا پھر یہ عالمی سطح پر ایک ایسی تصویر کشی ہے جو حقیقت سے زیادہ "تاثر" پر کھڑی ہے؟ کیونکہ سچ یہ ہے کہ جنگیں نعروں سے نہیں جیتی جاتیں۔ نہ پریس کانفرنسوں سے، نہ ہی میڈیا بیانات سے اور نہ ہی خود ساختہ فتوحات کے اعلان سے بلکہ فتح اس وقت ہوتی ہے جب مخالف مکمل طور پر بے اثر ہو جائے۔ فتح اس وقت ہوتی ہے جب میدانِ عمل میں ایک طرف واضح برتری اور دوسری طرف مکمل پسپائی نظر آئے۔ فتح اس وقت ہوتی ہے جب دنیا بغیر کسی ابہام کے یہ تسلیم کرے کہ فیصلہ ہو چکا ہے لیکن اگر میدان میں تباہی دونوں طرف موجود ہو، اگر ہر حملے کے جواب میں ردِعمل موجود ہو، اگر ہر دعوے کے ساتھ سوال بھی کھڑے ہوں تو پھر یہ فتح نہیں بلکہ ایک غیر مکمل جنگ کا وقفہ ہوتا ہے اور اس وقفے کی قیمت صرف میزوں پر نہیں لکھی جاتی بلکہ یہ قیمت زمین پر خون سے لکھی جاتی ہے۔ وہ خون جو شہروں کی گلیوں میں خاموشی سے بہا۔ وہ چیخیں جو ملبے کے نیچے دب گئیں۔ وہ خاندان جو ایک لمحے میں بکھر گئے۔ وہ ہسپتال جو زخمیوں سے بھر گئے۔ وہ بستیاں جو اجڑ کر نقشے سے غائب ہو گئیں۔

یہ سب محض اعداد و شمار نہیں یہ وہ انسانی حقیقت ہے جسے کوئی بھی "وکٹری اسپیچ" مٹا نہیں سکتی اور دوسری طرف یہ بھی ایک ناقابلِ انکار حقیقت ہے کہ ایران نے ایک غیر معمولی مزاحمت کا مظاہرہ کیا۔ تمام نقصانات، تمام تباہیوں، تمام دباؤ اور تمام عسکری برتری کے باوجود ایک ایسی استقامت سامنے آئی جس نے طاقت کے روایتی تصور کو ہلا کر رکھ دیا۔ کیا یہ سچ نہیں کہ ایک بڑی طاقت کے مقابلے میں کھڑے رہنا بھی ایک تاریخی حقیقت بن جاتا ہے؟ کیا یہ سچ نہیں کہ ہر حملے کے بعد دوبارہ کھڑا ہونا بھی ایک خاموش فتح ہوتی ہے؟ کیا یہ سچ نہیں کہ بعض جنگیں جیتی نہیں جاتیں بلکہ صرف برداشت کی جاتی ہیں اور تاریخ انہی برداشتوں کو یاد رکھتی ہے؟ اور یہی وہ مقام ہے جہاں یہ پوری جنگ ایک نئے سوال میں بدل جاتی ہے کہ کیا یہ واقعی اختتام ہے یا ایک نئے دور کا آغاز؟ کیا یہ واقعی فتح ہے یا صرف جنگ بندی کے پردے میں چھپا ہوا ایک غیر مکمل انجام؟ اور کیا یہ اعلانِ فتح حقیقت ہے یا صرف ایک ایسی کوشش جس میں حقیقت کو الفاظ کے پیچھے چھپانے کی سعی کی گئی ہو؟ یہ سوالات وقت کے ساتھ کم نہیں ہوں گے بلکہ مزید گہرے، مزید سخت اور مزید ناگزیر ہوتے جائیں گے کیونکہ تاریخ ہمیشہ بیانیوں کو نہیں نتائج کو یاد رکھتی ہے اور جب ڈھول بیٹھ جائے گی، جب شور کم ہو جائے گا اور جب نعروں کی گونج خاموش ہو جائے گی تو صرف ایک سوال باقی رہے گا کہ اصل جیت کس کی ہوئی تھی؟ اور کس نے صرف اعلان کیا تھا؟

یہ بات بھی تاریخی سچائی کی صورت سامنے آتی ہے کہ اگرچہ اس جنگ نے ایران کو شدید جانی، مالی اور اسٹریٹجک نقصانات دیے، اس کی قیادت بھی قربانیوں کی بھینٹ چڑھی اور اس کے شہر بھی خون اور ملبے میں ڈوبے رہے لیکن اس کے باوجود جس جرات، جس استقامت اور جس اجتماعی مزاحمت کے ساتھ اس قوم نے ایک بڑی عالمی طاقت کا سامنا کیا وہ تاریخ کے اوراق میں سنہری حروف میں لکھا جائے گا۔ یہ وہ مثال بن جائے گی جس کا ذکر آنے والی نسلیں کریں گی کہ کس طرح ایک کمزور دکھائی دینے والا فریق بھی اپنے وجود، اپنی سرزمین اور اپنی خودمختاری کے لیے ایک سپر پاور کے سامنے ڈٹ گیا اور دنیا کو یہ سوچنے پر مجبور کر دیا کہ طاقت ہمیشہ فیصلہ کن نہیں ہوتی اور مزاحمت ہمیشہ خاموش نہیں رہتی ہے۔

کیا یہ سچ نہیں کہ بعض جنگیں فتح کے تاج نہیں پہنتیں بلکہ صبر کے زخموں سے اپنی پہچان بناتی ہیں؟ کیا یہ حقیقت نہیں کہ تاریخ کے اوراق پر وہی معرکے زندہ رہتے ہیں جنہیں تلواروں نے نہیں بلکہ حوصلوں نے برداشت کیا ہوتا ہے اور یہی وہ مقام ہے جہاں یہ سارا منظر ایک گہرے فکری سوال میں ڈھل جاتا ہے کہ کیا یہ واقعی اختتام ہے یا ایک نئے عہد کی تمہید؟ کیا یہ واقعی فتح ہے یا محض جنگ بندی کے دبیز پردے میں چھپا ہوا ایک نامکمل بیانیہ؟ کیا یہ اعلانِ فتح حقیقت کی روشن دلیل ہے یا الفاظ کے آئینے میں سچ کو دھندلا دینے کی ایک سفارتی کاوش؟

یہ سوالات وقت کے ساتھ ماند نہیں پڑیں گے بلکہ ہر گزرتے لمحے کے ساتھ مزید گہرے، مزید کڑے اور مزید ناگزیر ہوتے جائیں گے۔ اس لیے کہ تاریخ کا حافظہ کمزور نہیں ہوتا وہ نعروں کی بازگشت کو نہیں بلکہ نتائج کی صداقت کو محفوظ رکھتا ہے۔ جب بارود کی بو تحلیل ہو جائے گی، جب گرد بیٹھ جائے گی، جب خطابت کی گونج خاموش ہو جائے گی تب صرف ایک سوال پوری شدت کے ساتھ ابھرے گا کہ اصل فتح کس کے حصے میں آئی؟ اور کس نے محض الفاظ کے سہارے فتح کا دعویٰ تراشا؟ اور پھر تاریخ کے سنجیدہ اور غیر جانب دار کاتب یہ بھی قلم بند کریں گے کہ اگرچہ اس جنگ نے ایران کو ناقابلِ تلافی جانی، مالی اور تزویراتی نقصانات سے دوچار کیا، اس کی قیادت نے قربانیوں کی ایسی قیمت ادا کی جو کسی بھی قوم کے لیے کرب ناک ہوتی ہے اور اس کے شہر ملبے، آنسوؤں اور خون کی سرخ لکیروں میں ڈوبے رہے مگر اس سب کے باوجود جس جرات، جس استقلال، جس عسکری حکمتِ عملی اور جس اجتماعی مزاحمت کے ساتھ اس قوم نے ایک عالمی سپر پاور کے سامنے اپنے وجود کا پرچم تھامے رکھا وہ محض ایک واقعہ نہیں بلکہ ایک چمکتا سورج بن کر ابھرا ہے۔

یہ علامت ہے استقامت کی جسے ایران نے قربانیاں دے کر رقم کیا۔ یہ حکایت ہے خودداری کی جسے ایرانی قیادت نے اپنا خون پیش کیا۔ یہ داستان اس یقین کی ہے کہ طاقت کا معیار صرف اسلحہ نہیں بلکہ ارادہ بھی ہوتا ہے۔ ایران کی یہ مزاحمت گویا افقِ تاریخ پر طلوع ہوتے اس سورج کی مانند ہے جسے عارضی بادل ڈھانپ تو سکتے ہیں مگر اس کی آب و تاب کو ماند نہیں کر سکتے۔ یہ وہ روشنی ہے جو نہ صرف اپنے دائرے میں بلکہ اقوامِ عالم کے فکری اُفق پر بھی سوالیہ نشان ثبت کرتی ہے کہ کیا عسکری برتری ہمیشہ فیصلہ کن ہوتی ہے؟ کیا عددی قوت ہمیشہ اخلاقی قوت پر غالب آ جاتی ہے؟ یا پھر کہیں ایسا تو نہیں کہ بعض اوقات کمزور دکھائی دینے والے ہاتھ تاریخ کے دھارے کا رخ موڑ دیتے ہیں؟

یہی وہ مقام ہے جہاں ایران کی جرات و استقامت ایک مثال، ایک حوالہ اور ایک علامت بن کر سامنے آتی ہے۔ ایک ایسی مثال جسے دنیا کی بڑی طاقتیں بھی نظر انداز نہیں کر سکتیں کیونکہ یہ جنگ اگرچہ مادی پیمانوں پر ادھوری سہی مگر معنوی سطح پر ایک گہرا نقش چھوڑ گئی ہے۔ یہ نقش بتاتا ہے کہ مزاحمت کبھی مکمل خاموش نہیں ہوتی اور حوصلہ کبھی مکمل شکست نہیں کھاتا۔ راقم الحروف کے نزدیک یہ کہنا شاید مبالغہ نہ ہوگا کہ یہ معرکہ کسی ایک فریق کی قطعی فتح کا نہیں بلکہ ایک ادھوری جنگ کا نقشہ ہے۔ ایک ایسی جنگ جس میں ایک طرف طاقت کا غرور تھا اور دوسری طرف استقامت کا وقار اور تاریخ جیسا کہ اس کی عادت ہے صرف وقار کو یاد رکھتی ہے۔

کشمش انگور خشک کر کے بنائی جاتی ہے

ہم اپنی روزانہ زندگی میں جو کچھ کھاتے ہیں اس کا ہماری صحت برقرار رکھنے میں اہم کردار ہوتا ہے، کشمش کا شمار بھی ایسی ہی چیزوں میں ہوتا ہے۔ کشمش انگور خشک کر کے بنائی جاتی ہے اور اس کی رنگت گولڈن، سبز یا سیاہ ہو سکتی ہے۔ باورچی خانوں میں پایا جانے والا ایک چھوٹا سا خشک میوہ جات کشمش عام طور پر میٹھے پکوانوں کی آرائش اور بعض دیگر کھانوں میں استعمال کیا جاتا ہے تاہم اکثر لوگ اس کے صحت بخش فوائد اور رازوں پر توجہ نہیں دیتے۔ ماہرین کے مطابق کشمش کو رات میں ایک گلاس پانی میں بھگو کر اگلی صبح خالی پیٹ کھا لینا صحت کے لیے انتہائی فائدہ مند ثابت ہو سکتا ہے۔ ماہرین صحت کا کہنا ہے کہ دن کا آغاز رات کے بھیگے کشمش کھا کر اور وہی پانی پی کر کرنے سے جسم کو وٹامنز اور منرلز ملتے ہیں جو اس میوے کی اوپری سطح سے پانی میں جذب ہو جاتے ہیں۔۔۔ کشمش کی کتنی مقدار کھائی جا سکتی ہے؟۔۔۔ 2 کھانے کے چمچ کشمش میں 15 گرام کاربوہائیڈریٹس ہوتی ہے تو ایک یا آدھا چمچ کھانے سے بلڈ شوگر لیول پر کچھ زیادہ اثرات مرتب نہیں ہوتے، مگر کھانے سے پہلے اگر ڈاکٹر سے بھی مشورہ کر لیں تو بہتر ہے۔۔۔ کشمش کے حیران کن فوائد:۔۔۔ جھائیوں سے جلد کی حفاظت۔۔۔ کشمش انسان کی جلد کو بڑھاپے اور بڑھتی عمر کے ظاہری اثرات سے بچاتی ہے۔ اس کے اندر پایا جانے والا کولاجن، جلد کو لچک دار بناتا ہے اور ڈھیلا پڑنے سے روکتا ہے۔ دانتوں اور مسوڑھوں کی حفاظت۔۔۔ مضبوط اور صحت مند دانتوں کے واسطے باقاعدگی سے کشمش کھانے کی ہدایت کی جاتی ہے۔ کشمش میں موجود لنولینک ایسڈ (نا سیر شدہ چکنائیوں کا مائع تیزاب) پلاک بننے اور دانتوں کو برباد ہونے سے روکتا ہے۔۔۔ دورانِ خون کی بہتری۔۔۔ پابندی کے ساتھ کشمش کھانے سے انسانی جسم میں دورانِ خون کا نظام بہتر ہوتا ہے۔ یہ فولاد کا اچھا ذریعہ ہے جو دورانِ خون کو منظم کرنے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ کشمش میں پایا جانے والا کیلشیئم دانتوں کو مضبوط بناتا ہے اور ان کو ٹوٹنے اور کھوکھلا ہونے سے محفوظ رکھتا ہے۔۔۔ جلد کو سخت دھوپ کے نقصان سے بچائے۔۔۔ کشمش میں ایک ایسا کیمیائی نباتیاتی مواد پایا جاتا ہے جو ہماری جلد کو انتہائی تیز دھوپ کے نقصان دہ اثرات سے محفوظ رکھتا ہے۔ اس کے علاوہ امائنو ایسڈ کی بڑی مقدار جلد کو بحال کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔۔۔ بلڈ پریشر کنٹرول کرے۔۔۔ پانی میں بھگو کر کشمش کو استعمال کرنے سے جسم میں جذب ہونے والے غذائی اجزا کی مقدار بڑھ جاتی ہے اور یہ ایسے افراد کے لیے انتہائی فائدہ مند ہے جو ہائی بلڈ پریشر کے شکار ہوں۔ اس میں موجود پوٹاشیم جسم میں نمکیات کو متوازن کرتا ہے، جس سے بلڈ پریشر لیول کنٹرول ہوتا ہے۔۔

خالی پیٹ گرم پانی پینے کے حیران کن فوائد

گرم پانی خالی پیٹ کے لیے انتہا فوائد کا حامل ہے، گرم پانی سے علاج کے سو فیصد نتائج حاصل ہوئے ہیں۔ جاپانی ڈاکٹروں کی تحقیقاتی ٹیم کے مطابق شدید سر درد (مائیگرین)، ہائی بلڈ پریشر، خون کی کمی، جوڑوں کا درد، دل کی دھڑکن کا ایک دم تیز یا آہستہ ہو جانا، مرگی کا علاج، چربی، کولیسٹرول، شدید کھانسی، بے چینی، گلو درد، دمہ، کالی کھانسی، رگوں کی رکاوٹ، معدے کا ترش ہو جانا، بھوک کم لگنا اور ہر بیماری جو آنکھ کان گلے سے مربوط ہے، گرم پانی سے ان کا علاج کیا جا سکتا ہے۔۔۔ طریقہ علاج۔۔۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ ہر روز صبح جلدی اٹھیں اور نہار منہ 160 سی سی کے تقریباً 4 گلاس پئیں۔ پانی گرم ہو لیکن اتنا نہیں کہ زبان جلا دے۔ پانی پینے کے 45 منٹ تک کچھ بھی کھانا پینا نہیں ہے اور پھر ہر کھانے کے دو گھنٹے بعد تک پانی بلکل نہیں پینا۔ بعض لوگ ابتداء میں 4 گلاس نہیں پی سکتے تو وہ آہستہ آہستہ اس کو 4 گلاس تک پہنچا دیں۔ طب قدیم میں بھی گرم پانی ناشتے سے پہلے بہت فوائد کا حامل بتایا گیا ہے اور اسکی بہت تاکید ہوئی ہے۔۔۔ ٹھنڈے پانی کا نقصان۔۔۔ مشہور سائنسداں بوعلی سینا کے مطابق ٹھنڈا پانی اگر آپکو جوانی میں بیمار نہ کرے مگر جوانی کے بعد آپکو سخت تین بیمار کردیگا۔ ٹھنڈا پانی دل کی 4 رگوں کو جوڑ دیتا ہے، اس کے علاوہ دل کی اصلی رگ کو بھی بند کر دیتا ہے اور ہارٹ اٹیک کا سبب بنتا ہے۔ اکثر جوانی میں ہارٹ اٹیک ٹھنڈے مشروبات کیسبب بنتے ہیں، اس سے معدے کیا اندرونی پردے بھی متاثر ہوتے ہیں اور بڑی آنت کو نقصان پہنچا کر کینسر کا سبب بنتا ہے۔

شوبز SHOWBIZ

صحیفہ جبار اوورسیز پاکستانیوں پر برس پڑیں، صحیفہ جبار

اگر کوئی شخص ملک سے باہر جا کر رہتا ہے تو اسے وہاں کے نظام کے مطابق خود کو ڈھالنے چاہیے

کراچی (این این آئی) اداکارہ صحیفہ جبار خٹک نے کہا ہے کہ اوورسیز پاکستانی پہلے دوسرے ملک جا کر ملازمت و پاسپورٹ حاصل کرتے پھر اپنے پرانے طرزِ زندگی، گھریلو ملازمین کو یاد کرتے ہیں۔ نجی ٹی وی چینل کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے صحیفہ جبار نے کہا کہ جب لوگ بیرونِ ملک جاتے ہیں تو وہاں کے قوانین اور طرزِ زندگی کو اپنانا چاہیے، کیونکہ وہاں کی زندگی بہتر اور منظم ہوتی ہے۔ اداکارہ نے کہا کہ پاکستانی معاشرے میں ایک خاص قسم کی منافقت پائی جاتی ہے، جہاں لوگ بیک وقت بیرونِ ملک جانے کی خواہش بھی رکھتے ہیں اور بعد میں وہاں کی زندگی سے شکایات بھی کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کچھ لوگ بیرونِ ملک جا کر اپنے پرانے طرزِ زندگی، سہولتیں اور گھریلو ملازمین کو یاد کرتے رہتے ہیں۔ صحیفہ جبار خٹک نے کہا کہ اگر کوئی شخص ملک سے باہر جا کر رہتا ہے تو اسے وہاں کے نظام کے مطابق خود کو ڈھالنا چاہیے

سلمان خان مکیش امبانی کے بیٹے اننت کی پیٹھ پر سوار، دلچسپ تصویر شیئر

اننت امبانی کی سالگرہ کی تقریب میں بالی ووڈ انڈسٹری کی کئی اہم شخصیات کی شرکت



ممبئی (این این آئی) بھارت کے امیر ترین صنعت کار مکیش امبانی کے سب سے چھوٹے بیٹے اننت امبانی کی سالگرہ کے موقع پر کئی بالی ووڈ اداکاروں نے انہیں سالگرہ کی مبارک باد دی ہے۔ بالی ووڈ اداکار سلمان خان نے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر اننت امبانی کے ساتھ تصاویر شیئر کی اور انہیں سالگرہ کی مبارک باد دیتے ہوئے لکھا ہے کہ یہ بات سنو اگر یادداشت کمزور ہو تو لکھ لو، یہ آدمی ملک کو بھی اٹھائے گا۔ اس کے علاوہ بالی ووڈ کے سپر اسٹار شاہ رخ خان اور اداکار سنجے دت سمیت دیگر نے بھی اننت امبانی کو 31 ویں سالگرہ کے موقع پر مبارک باد دی ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق جام نگر شہر میں اننت امبانی کی سالگرہ کی تقریب میں بالی ووڈ انڈسٹری کی کئی اہم شخصیات نے شرکت بھی کی ہے۔

راجپال یادو نے خاموشی توڑ دی، سلمان کی ٹویٹ بھی وائرل

ٹائیگر شروف بھی پراپرٹی بیچنے والے اداکاروں کی فہرست میں شامل

مرینہ خان کی عتیقہ اوڈھو کے بیان کی حمایت

گلوکارہ اقبال بانو کی 15ویں برسی 21 اپریل کو منائی جائے گی

حنا آفریدی کیساتھ رومانوی مناظر کی شوٹنگ آسان رہی، علی رضا



اداکارہ رشمیکا مندانا 30 برس کی ہوگئیں

سالگرہ پر والد کی جانب سے بنگلے کا تحفہ، مداحوں کی طرف سے مبارکباد

سپورٹس SPORTS

کراچی میں وکٹ سلو ہے اور بیٹرز کو وکٹ پر رکنے میں دشواری کا سامنا ہے، مصباح

افتخار احمد ایک تجربہ کار بولر ہیں، پاکستان کو ان کی خدمات سے فائدہ اٹھانا چاہیے

کراچی (این این آئی) پی ایس ایل 11 میں کراچی کنگز کو عبرت ناک شکست سے ہمکنار کرنے والی پشاور زلمی کے ہیڈ کوچ اور سابق ٹیسٹ کپتان مصباح الحق نے کہا ہے کہ لاہور کے مقابلے میں کراچی میں کھیلے جانے والے دوسرے مرحلے میں کراچی میں وکٹ سلو ہے اور بیٹرز کو وکٹ پر رکنے میں دشواری کا سامنا ہے، افتخار احمد ایک تجربہ کار بولر ہیں، پاکستان کو ان کی خدمات سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔ میچ کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مصباح الحق نے کہا کہ پی ایس ایل 11 میں پشاور زلمی کی قیادت کرنے والے سابق قومی کپتان اور معروف بیٹر بابر اعظم اپنی کھوئی ہوئی فارم میں واپس لانے کی کوشش کر رہے ہیں، بابر اعظم اپنا اصل گیم کھیلنے کے لیے کوشاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پشاور زلمی کی ٹیم کامیابی کی جانب رواں ہو گئی ہے، مجموعی طور پر کارکردگی سے بہت مطمئن ہوں، پی سی بی کے توسط سے قومی کرکٹ کے فروغ کے لیے اپنی خدمات دیں، میرا تجربہ افتخار احمد سے زیادہ ہے، افتخار احمد کو اپنی بولنگ پر بہت اعتماد ہے۔ وہ کھلاڑیوں کی خامیوں کو اچھی طرح جانتے ہیں، پاکستان کرکٹ ٹیم کو افتخار احمد کی خدمات سے فائدہ اٹھانا چاہیے۔ انہوں نے بتایا کہ لاہور کے مقابلے میں کراچی کی وکٹ قدر مختلف ہے

آئی پی ایل میچ لائیو کوریج کے دوران گالی، کمنٹیٹرز حیران رہ گئے

انڈین پریمیئر لیگ میں کوچ نے اپنے ہی کھلاڑی کو گالی دے دی

نئی دہلی (این این آئی) انڈین پریمیئر لیگ میں کوچ نے اپنے ہی کھلاڑی کو گالی دے دی۔ یہ واقعہ گجرات ٹائٹنز اور دہلی کیپیٹلز کے میچ کے درمیان پیش آیا، جب گجرات کے ہیڈ کوچ سابق بھارتی ٹیسٹ کرکٹر آشیش نہرا اپنے کھلاڑی پر اتنا برہم ہوئے کہ آپے سے باہر ہو کر ان کے منہ سے غلیظ گالی نکل گئی۔ میچ کا یہ لمحہ بہت سنسنی خیز تھا اور گجرات کے ہیڈ کوچ آشیش ڈگ آؤٹ میں کھڑے ہو کر دہلی کی اننگز کے دوران مسلسل اپنے کھلاڑیوں کو ہدایات دے رہے تھے۔ اسی دوران میچ کے ایک اہم موقع پر گجرات کے کپتان شبھمن گل سے یہ بڑی غلطی ہوئی۔ انہوں نے رن آؤٹ کرنے کی کوشش میں اسٹمپس کی طرف تھرو کیا۔ گیند اسٹمپ سے ٹکرا کر غلط سمت میں چلی گئی اور اس کے نتیجے میں چار اوور تھرو رن مل گئے، اس غلطی کے نتیجے میں دہلی کیپیٹلز کو ایک ہی گیند پر کل پانچ رن مل گئے۔ اس وقت دہلی کو 28 گیندوں میں 63 رن درکار تھے۔ کریز پر کے ایل راہل اور ٹرسٹن اسٹبس موجود تھے۔ ایک رن دوڑ کر لینے کے بعد اوور تھرو سے ملے چوکے نے دہلی پر دباؤ کم کر دیا۔ یہ دیکھ کر ہیڈ کوچ آشیش نہرا شدید مشتعل ہو کر شبھمن گل پر اتنا برہم ہوئے کہ ان کے منہ سے انتہائی غلیظ گالی نکل گئی۔ یہ عین اس وقت ہوا جب ایک کیمرا براہ راست ان کاری ایکشن فوکس کر رہا تھا۔

فیفا سیریز، پاکستان ویمنز ٹیم کی تاریخی فتح وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کے نام

وزیراعظم اور فیلڈ مارشل امن کیلئے تاریخی کردار ادا کر رہے ہیں، صدر پی ایف ایف محسن گیلانی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان فٹبال فیڈریشن کے صدر سید محسن گیلانی نے فیفا سیریز کے پہلے میچ میں پاکستان ویمنز ٹیم کی ریکارڈ ساز کامیابی وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کے نام کر دی۔ اپنے بیان میں محسن گیلانی نے پوری قوم کو پاکستان ویمنز ٹیم کی کامیابی کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ایک ایسے وقت میں جب ہمارے وزیراعظم اور فیلڈ مارشل امن کے لیے تاریخی کردار ادا کر رہے ہیں، ہماری بیٹیوں نے فٹبال کے میدان میں تاریخ رقم کی ہے، ہم یہ کامیابی اپنی قیادت کے نام کرتے ہیں۔ محسن گیلانی نے کہا کہ ہم بھی اپنی ذمہ داری نبھاتے ہوئے پاکستان کا نام فٹبال کے میدان میں روشن کریں گے۔

پاکستان ہاکی ٹیم کے دورہ انگلینڈ اور بیلجیم کیلئے فنڈز جاری

دورے کے تفصیلی شیڈول اور میچوں کی تفصیلات کا اعلان جلد کر دیا جائے گا، پاکستان ہاکی فیڈریشن

زمبابوے ویمنز ٹیم دورہ پاکستان، زمبابوے ٹیم 29 اپریل کو کراچی پہنچے گی

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar — عوام کی بے ساختہ للکار

اندراج تاریخ پیدائش | اندراج تاریخ وفات | اطلاع گمشدگی
تبدیلی نام | درستگی نام | اعلان لاتعلقی
عاق نامہ | اطلاع گمشدگی

تحصیلدار و وراثتی اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کریں۔

Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com

بقیہ 1

ترقی وخوشحالی کے لیے اپنا آئینی کردار خوش اسلوبی سے سرانجام دے رہی ہیں اور تابندہ مستقبل کے لئے کام کرنے کے لیئے پر عزم ہیں۔ یہی قابل رشک اتفاق اللہ بزرگ وبرتر کا ملک خداداد پر اپنے فضل وکرم کا عکاس ہے۔ اللہ تعالی نے پاکستان کو جس عزت واکرام سے نوازا ہے اس کے لئے ہمارے سر اسکے آگے سربسجود ہیں۔ پاکستان اقوام عالم میں اپنا سر فخر سے بلند کئے ہوئے، اپنی ترقی وخوشحالی کا سفر انشاء اللہ جاری رکھے گا۔ پاکستان زندہ باد!

بقیہ 2

دی۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان کی معاشی ترقی 4.2 فیصد کے سالانہ ہدف سے کم رہنے کی پیش گوئی کی گئی ہے، پاکستان کی معاشی شرح نمو رواں مالی سال 3 فیصد تک محدود رہنے کا امکان ہے، اس سال پہلے اندازہ 3.4 فیصد تھا، اب کم ہو کر 3 فیصد رہ گیا۔ عالمی بینک کی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ گزشتہ مالی سال کے دوران جی ڈی پی شرح نمو 3.1 فیصد رہی، 2026 میں مہنگائی بڑھ کر 7.4 فیصد تک پہنچنے کا امکان ہے۔ رپورٹ میں کرنٹ اکاؤنٹ سرپلس سے خسارے میں جانے کی پیشگوئی کی گئی ہے، مالی سال 2026 میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ جی ڈی پی کا 1.2 فیصد ہوسکتا ہے، البتہ مالی خسارہ کم ہو کر 4.3 فیصد رہنے کا امکان ہے، اس کے علاوہ خلیجی ممالک سے ترسیلات زر میں کمی کا خدشہ ہے، سیاحت اور سرمایہ کاری پر بھی منفی اثرات متوقع ہیں، پاکستان سٹاک ایکسچینج میں بڑی مندی دیکھی گئی، توانائی قیمتوں میں اضافہ معیشت کیلئے خطرہ قرار دیا گیا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ حکومت نے شوگر سیکٹر میں بڑی اصلاحات کا اعلان کیا، چینی کی قیمتوں اور برآمدات پر حکومتی کنٹرول ختم ہوگا، کسانوں کو گنے کی کاشت میں مکمل آزادی دی جائے گی۔

بقیہ 3

میں 28 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ہوا، 8 سستی اور 15 کی قیمتیں مستحکم رہیں، ایک ہفتے میں ڈیزل 54.71 اور پیٹرول 17.86 فیصد مہنگا ہوا۔ حالیہ ہفتے ایل پی جی کی قیمتوں میں 8.61 فیصد اضافہ ہوا۔ ایک ہفتے میں ٹماٹر 9.35 اور آلو 4.13 فیصد مہنگا ہوا۔ پیاز 3.84 اور انڈے کی قیمتوں میں 3.77 فیصد اضافہ ہوا۔ ایک ہفتے میں بیف، مٹن، بریڈ اور پکی ہوئی دال بھی مہنگی ہوئی۔ چکن، آٹا، گھی اور کوکنگ آئل کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔

بقیہ 4

لئے بڑی سہولت پیدا ہوگی ہے۔ تفصیلات کے مطابق: ڈیوٹی ترمیمی آرڈیننس 2026 کے تحت شہری و دیہی علاقوں میں اسٹامپ ڈیوٹی کی شرح یکساں کر کے 01 فیصد مقرر کر دی گئی ہے۔ اس سے پہلے شہری علاقوں میں 1 فیصد جبکہ دیہی علاقوں میں 3 فیصد اسٹامپ ڈیوٹی وصول کی جا رہی تھی۔ نئے اقدام کا مقصد قوانین کو آسان بنانا اور رئیل اسٹیٹ سیکٹر میں خریداروں اور سرمایہ کاروں کو تحفظ دینا، انتظامی کارکردگی کو بہتر بنانا، ٹیکس بیس کو وسیع کرنا اور طویل مدتی محصول کے استحکام کو بڑھانا ہے۔ اس اقدام سے دیہی علاقوں میں جائیداد کی خرید وفروخت میں اضافہ ہوگا۔

بقیہ 5

کے مطابق آپریشن میں ریلوے پولیس اور انجینئرنگ ٹیم نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے تقریباً 12 کروڑ روپے مالیت کی زمین خالی کروائی، اس دوران 15 پختہ تجاوزات سمیت متعدد کمرشل دکانیں مسمار کر دی گئیں جبکہ رہائشی و کمرشل دونوں نوعیت کی غیر قانونی تعمیرات کا خاتمہ کیا گیا۔ حکام نے کہا کہ کارروائی کے نتیجے میں تقریباً 2 کنال قیمتی کمرشل زمین واگزار کرائی گئی ہے۔ محمد وصال فخر سلطان راجہ نے قبضہ مافیا کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری اراضی کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا اور اس مقصد کیلئے ایسے آپریشن ناگزیر ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ریلوے پولیس تجاوزات کے خاتمے کیلئے بلا امتیاز کارروائیاں جاری رکھے گی اور کسی کو بھی قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ 6

چوہدری فیصل اکرام اور لیبر رہنما بھی ہمراہ تھے۔ صوبائی وزیر محنت وافرادی قوت محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا کہ کام کے معیار اور رفتار پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ ری ویمپنگ سے ہسپتال کی گنجائش 50 بیڈز سے بڑھ کر 100 بیڈز کا اضافہ ہوگا۔ 141 ملین روپے کے ویمپنگ منصوبہ میں سٹیٹ آف دی آرٹ ایمرجنسی وارڈ بھی شامل ہے۔ ہسپتال کے ری ویمپنگ منصوبہ میں آپریشن تھیٹرز اور وارڈز کی اپ گریڈیشن بھی شامل ہے۔ صوبائی وزیر نے ہسپتال کے تمام حصوں کا دورہ کیا اور مریضوں اور لواحقین سے سہولیات کے بارے میں پوچھا۔ لیبر رہنماؤں نے ہسپتال کی ری ویمپنگ اور بیڈز میں اضافہ پر صوبائی وزیر کو خراج عقیدت پیش کیا۔

بقیہ 7

کا فیصلہ کرلیا ہے، اس حوالے سے تمام متعلقہ محکموں سے خالی آسامیوں کا مکمل ریکارڈ طلب کر لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق حکومت نے یہ اقدام انتظامی اصلاحات اور سرکاری اخراجات میں کمی کے پیش نظر کیا ہے۔ کئی محکموں میں ہزاروں آسامیاں برسوں سے خالی پڑی تھیں جن پر نہ تو بھرتی کی گئی اور نہ ہی ان کے فعال ہونے کا کوئی امکان موجود تھا۔ محکمہ خزانہ اور اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کی جانب سے جاری مراسلے میں تمام محکموں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنی گریڈ 1 سے 16 تک کی خالی آسامیوں کی تفصیلی فہرست فوری طور پر ارسال کریں۔ ان آسامیوں میں مستقل، عارضی اور کنٹریکٹ بنیادوں پر منظور شدہ پوسٹس بھی شامل ہیں۔ حکومتی ذرائع کا کہنا ہے کہ ابتدائی مرحلے میں ان آسامیوں کا جائزہ لیا جائے گا جو گزشتہ کئی سالوں سے غیر فعال ہیں جبکہ بعد ازاں ان کے مکمل خاتمے یا دوبارہ ڈیزائننگ کا فیصلہ کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق اس فیصلے کا مقصد سرکاری اداروں میں افرادی قوت کے ڈھانچے کو جدید خطوط پر استوار کرنا اور غیر ضروری مالی بوجھ کو کم کرنا ہے۔ تاہم بعض سرکاری ملازمین تنظیموں نے اس اقدام پر تحفظات کا اظہار بھی کیا ہے اور کہا ہے کہ اس سے مستقبل میں روزگار کے مواقع محدود ہو سکتے ہیں۔ حکومت نے واضح کیا ہے کہ اس فیصلے سے فعال ملازمین یا جاری سروس سٹرکچر متاثر نہیں ہوگا، اور صرف طویل عرصے سے غیر استعمال شدہ آسامیوں کو ختم کیا جائے گا۔ مزید پیش رفت کے لیے محکموں سے رپورٹس موصول ہونے کے بعد حتمی پالیسی کا اعلان کیا جائے گا۔

بقیہ 8

ملاقات کے دوران کیا۔ ایف یو جے کے وفد کی قیادت صدر ایف یو جے حامد ٹیلین کر رہے تھے۔ جنرل سیکرٹری ایف یو جے عامر آفریدی، فنانس سیکرٹری عاطف چوہدری اور ممبر ایف ای سی ندیم جاوید جوائنٹ سیکرٹری راؤ نعیم اور ممبران ایف یو جے یوسف ہارون بخاری، رانا کاشف، گل شیر بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ایف یو جے کے عہدیداران نے انہیں فیصل آباد میں صحافی کالونی کے قیام میں مسلسل تاخیر سے فیصل آباد کے صحافیوں میں بڑھتی ہوئی بے چینی سے آگاہ کیا اور شہر میں پہلی صحافی کالونی کا قیام یقینی بنانے کا مطالبہ کیا۔ اس موقع پر وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ زاہد بخاری نے یقین دہانی کروائی کہ پنجاب حکومت فیصل آباد میں صحافی کالونی کے قیام کیلئے ترجیحی اقدامات کر رہی ہے۔ اسی سال اس کا قیام عمل میں لایا جائے گا۔ بس دعا کریں کہ کوئی ناگہانی افتاد نہ پڑ جائے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ پنجاب حکومت صحافیوں کی فلاح و بہبود کا عزم کئے ہوئے ہے۔ فیصل آباد کے صحافیوں کی فلاح و بہبود کیلئے فیصل آباد پریس کلب کو 50 لاکھ روپے کی گرانٹ جاری کر دی گئی ہے۔ اب یہ پریس کلب کی باڈی کی ذمہ داری ہے کہ اپنے ممبران کی فلاح و بہبود کیلئے کام کرے۔ پنجاب حکومت مستقبل میں بھی اس حوالے سے فیصل آباد سمیت صوبہ بھر کے صحافیوں کی فلاح و بہبود آپ کے ساتھ ہے۔

بقیہ 9

اپنے دوسرے مرحلے (2.0) میں داخل ہو چکا ہے۔ سوجو میں ایک فورم سے خطاب کرتے ہوئے قونصل جنرل نے پاکستان کی معاشی تبدیلی اور طویل مدتی ترقی میں چینی کاروباری اداروں کے اہم کردار کو اجاگر کیا۔ گوادر پرو کے مطابق انہوں نے ان خیالات کا اظہار "ایشیا انویسٹمنٹ اینڈ ڈیولپمنٹ کوآپریشن فورم" سے خطاب کرتے ہوئے کیا، یہ فورم سوجو انٹرنیشنل ایکسپو سینٹر میں سی ایل این بی گیارہویں نیو انرجی انڈسٹری ایکسپو 2026 کے موقع پر منعقد ہوا۔ اس فورم میں پانچ ممالک پاکستان، انڈونیشیا، ویتنام، ازبکستان اور منگولیا کے قونصل جنرلز نے شرکت کی اور علاقائی اقتصادی تعاون، سرمایہ کاری کے مواقع اور کثیرالجہتی صنعتی اشتراک پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ رپورٹ کے مطابق جیسے جیسے عالمی صنعتی سلسلہ بنیادی تبدیلی سے گزر رہا ہے اور علاقائی اقتصادی تعاون میں اضافہ ہو رہا ہے، ایشیا دنیا کے سب سے متحرک ترقیاتی مرکز کے طور پر اپنی حیثیت مضبوط کر رہا ہے۔ فورم میں اس بات پر زور دیا گیا کہ عالمی سرمایہ کاری کے بہاؤ میں ایشیا کی اہمیت بڑھ رہی ہے اور سرحد پار صنعتی شراکت داری کو فروغ دینے کے لیے عملی لائحہ عمل پیش کیا گیا، جس میں پاکستان نے خود کو سی پیک 2.0 کے تحت چینی سرمایہ کاری کے لیے ایک اہم مرکز کے طور پر پیش کیا۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان کی وسیع صلاحیتوں کو اجاگر کرتے ہوئے قونصل جنرل شہزاد نے بتایا کہ ملک کی 26 کروڑ آبادی میں سے 64 فیصد افراد کی عمر 30 سال سے کم ہے، جو ایک بڑی صارف مارکیٹ اور باصلاحیت افرادی قوت کی نمائندگی کرتی ہے۔ انہوں نے سرمایہ کار دوست پالیسیوں کی بھی تفصیل بیان کی۔ رپورٹ کے مطابق قونصل جنرل نے سی پیک کی پیش رفت پر تفصیلی روشنی ڈالتے ہوئے بتایا کہ پہلے مرحلے میں 46 ارب ڈالر سے زائد کے منصوبے مکمل کیے جا چکے ہیں، 8000 میگاواٹ سے زیادہ بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت میں اضافہ ہوا ہے، اور تقریباً 2 لاکھ براہ راست ملازمتیں پیدا ہوئی ہیں، جس سے پاکستان کے توانائی کے دیرینہ مسائل اور ٹرانسپورٹ کی رکاوٹوں میں نمایاں کمی آئی ہے۔ سی پیک 2.0 میں اب توجہ صنعتکاری، زرعی جدیدیت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، تکنیکی جدت اور عوام کی فلاح و بہبود پر مرکوز ہے۔ رپورٹ کے مطابق اس موقع پر چائنا ایشیا اکنامک ڈیولپمنٹ ایسوسی ایشن (CAEDA) کی فارن انویسٹمنٹ ورکنگ کمیٹی کے صدر، جو کے ژو نے آئندہ اقدامات کا اعلان کیا۔ انہوں نے بتایا کہ مئی میں ہانگژو میں ایک خصوصی تقریب منعقد ہوگی جس میں پاکستان اور چین کے درمیان فن ٹیک، مصنوعی ذہانت اور سائبر سیکیورٹی سمیت آئی سی ٹی سرمایہ کاری پر توجہ دی جائے گی۔ سال بھر کے دوران سی اے ای ڈی اے ان پانچ ایشیائی ممالک کے لیے وفود کے دوروں کا بھی اہتمام کرے گی، جس میں پالیسی ٹریننگ اور قانونی معاونت سمیت مکمل سہولیات فراہم کی جائیں گی۔

بقیہ 10

ہوگا جس سے نہ صرف صوبے کے عوام بلکہ اوورسیز پاکستانی بھی بھرپور استفادہ کرسکیں گے۔ صوبائی وزیر کو آگاہ کیا گیا کہ اتھارٹی کے قیام سے سائلین کو بروقت اور کم لاگت میں انصاف کی فراہمی ممکن ہو سکے گی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ موجودہ رولز 2019 میں بنائے گئے تھے، تاہم بدلتے ہوئے تقاضوں کے پیش نظر ان میں ترامیم ناگزیر ہیں۔ مزید برآں، ترامیم کے بعد مکمل قانون سازی (ایکٹ) کی جانب بھی پیش رفت کی جاسکتی ہے۔ مزید بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ صوبہ بھر میں اے ڈی آر سینٹرز کے قیام کو مزید مؤثر بنایا جائے گا جبکہ اس نظام کو مضبوط بنانے کے لیے تربیتی پروگرامز، خصوصی ادارے اور انسٹیٹیوٹ بھی قائم کیے جائیں گے۔ ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے ذریعے آن لائن تنازعات کے حل (آن لائن ڈسپیوٹ ریزولوشن) کو فروغ دیا جائے گا، جس سے شفافیت اور سہولت میں اضافہ ہوگا۔ اس کے ساتھ ساتھ جدید مانیٹرنگ سسٹم متعارف کروایا جائے گا تا کہ میرٹ اور شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے۔ صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خان نے ہدایت کی کہ اتھارٹی کے مجوزہ ڈرافٹ میں اس کے تمام فنکشنز، تعیناتی کے طریقہ کار، ٹرانسفر پالیسی اور دائرہ کار کو واضح طور پر شامل کیا جائے تا کہ ادارہ مؤثر انداز میں کام کر سکے۔ انہوں نے کہا کہ امید ہے کہ اے ڈی آر سسٹم کے فروغ سے عدالتوں پر مقدمات کا بوجھ کم ہوگا اور عوام کو فوری انصاف کی فراہمی ممکن ہو سکے گی۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ عام آدمی کو اس کے قانونی حقوق اور اے ڈی آر کے طریقہ کار سے آگاہ کرنا نہایت ضروری ہے۔ اجلاس میں محکمہ قانون کے عہدیداران اور دیگر متعلقہ افراد موجود تھے۔

بقیہ 11

لاشوں کو پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 12

گندھارا دور کے ثقافتی ورثے کے تحفظ کی کوششوں کو آگے بڑھانے کے تناظر میں کیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق یہ ورکنگ گروپ ثقافتی ورثے کے تحفظ سے متعلق بین الاقوامی تنظیم برائے معیار بندی (آئی ایس او) کی تکنیکی کمیٹی (ISO/TC 349) کے تحت کام کر رہا ہے، باضابطہ طور پر 26 مارچ 2026 کو قائم کیا گیا تھا۔ اس کی قیادت دھنوانگ اکیڈمی کر رہی ہے، جس کے ڈائریکٹر سو بومن اس کے کنوینر کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ گوادر پرو کے مطابق اس گروپ کے کام کا ایک اہم آئی ایس او معیار پر مبنی ہے جو مورلز کے بگاڑ کی درجہ بندی سے متعلق ہے اور 11 ممالک کے ماہرین نے اسے تیار کیا ہے۔ یہ معیار نقصان کی مختلف اقسام کو بیان کرنے کے لیے ایک مشترکہ تکنیکی زبان فراہم کرتا ہے، جن میں بصری اور کیمیائی تبدیلیوں سے لے کر حیاتیاتی زوال تک شامل ہیں۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ دنیا بھر میں ورثہ مقامات کے معائنے اور دستاویز سازی میں پائی جانے والی طویل عرصے سے موجود بے ضابطگیوں کو دور کیا جا سکے۔ رپورٹ کے مطابق یہ اقدام خاص طور پر پاکستان کی جاری تحفظاتی کوششوں کے لیے اہم ہے۔ والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی (WCLA) اس وقت انارکلی کے مقبرے کی بحالی کے آخری مراحل میں ہے، اور اس منصوبے کے تحت فریسکو (دیواری مصوری) کے تحفظ کا کام جون 2026 تک مکمل ہونے کی توقع ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان کے پاس دیواری فنون کا ایک وسیع ذخیرہ موجود ہے جس کے تحفظ کی ضرورت ہے، جن میں گندھارا خطے کی قدیم بدھ مت پینٹنگز، مغل اور سکھ دور کی فریسکوز، اور لاہور کے قلعے اور شالامار باغات میں موجود وسیع ٹائل موزیک اور فریسکو کام شامل ہیں، جو یونیسکو کے عالمی ثقافتی ورثے کی فہرست میں شامل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق ان آئی ایس او معیارات کو اپنانے سے قانونی بحالی منصوبوں میں سائنسی بنیادوں پر بہتری آئے گی اور ثقافتی ورثے کے تحفظ کے عمل کو عالمی معیار کے مطابق مزید مؤثر بنایا جا سکے گا۔

بقیہ 13

حکومت کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں کوئی مسئلہ نہیں آنے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ امن مذاکرات کے بعد وزیراعظم سب مل کر اس مسئلے کا حل نکال لیں گے، اپٹما نے ہمیشہ پاکستان فرسٹ کے عہد کو نبھایا ہے۔ چیئرمین اپٹما نے کہا کہ پاکستان آئی ایم ایف کی تمام شرائط پوری کر چکا ہے، برآمدات تیزی سے بڑھ رہی ہیں۔

بقیہ 14

پہنچنے کا امکان ہے، صنعتی شعبے کی بحالی اور نجی سرمایہ کاری میں اضافہ معیشت کو مزید تقویت دے گا۔ ایشیائی ترقیاتی بینک نے خبردار کیا کہ مشرق وسطی میں کشیدگی اور تیل کی قیمتوں میں اضافے سے مہنگائی پر دباؤ بڑھ سکتا ہے، مہنگائی کی شرح 2026 میں 6.4 فیصد اور 2027 میں 6.5 فیصد رہنے کا امکان ہے۔ ادارے نے بتایا کہ سٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے محتاط مانیٹری پالیسی میں نرمی متوقع ہے تاہم توانائی اور کھاد کی قیمتوں میں اضافہ معیشت پر دباؤ ڈال سکتا ہے، زرعی اور صنعتی پیداوار متاثر ہونے کا خدشہ ہے، جبکہ ترسیلات زر میں کمی اور کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ بڑھنے کا خطرہ بھی برقرار ہے۔ اے ڈی بی کے مطابق 2026 میں نجی سرمایہ کاری میں اضافہ معاشی ترقی کو سہارا دے گا جبکہ تعمیراتی شعبہ بجٹ مراعات اور سیلاب سے بحالی کے منصوبوں سے مستفید ہوگا۔ رپورٹ میں زور دیا گیا ہے کہ عالمی غیر یقینی صورتحال پاکستان کی معیشت کیلئے ایک بڑا چیلنج ہے اور پائیدار ترقی کیلئے اصلاحات کے تسلسل اور محتاط معاشی پالیسیوں پر عمل ناگزیر ہے۔

بقیہ 15

کیلئے موبائل یونٹ قائم کیا جائے گا۔ سوشل میڈیا ہراسمنٹ کا شکار بچے بالخصوص خواتین ورچوئل پولیس اسٹیشن پر بھی شکایت درج کرا سکیں گی۔ سوشل میڈیا بلیک میلنگ اور ہراسمنٹ سے متاثرہ بچوں اور خواتین کی شناخت مکمل طور پر پوشیدہ رکھی جائے گی۔ سائبر کرائم یونٹ فرنٹ ڈیسک اور "پی کے ایم" ایپ پر بھی شکایت درج کی جا سکے گی۔ اجلاس کے دوران سوشل میڈیا بلیک میلنگ اور ہراسمنٹ کا ارتکاب کرنے والے مجرموں کو قرار واقعی سزا دینے کیلئے قانون سازی کا فیصلہ کیا گیا، جس کے تحت پنجاب آن لائن سیفٹی ایکٹ 2026ء کے ابتدائی مسودے پر کام شروع کر دیا گیا ہے۔ ایکٹ جلد پیش کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس میں سائبر کرائم کے حوالے سے اہم فیصلے کئے گئے۔ پنجاب پولیس سائبر پٹرول ونگ اور سائبر پولیس اکیڈمی بھی قائم کی جائے گی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سائبر کریمنل کی سرکوبی کے لئے پرو ایکٹو اپروچ اپنانے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ سوشل میڈیا مانیٹرنگ اور سرویلنس کے لئے انٹیلی جنس سسٹم بھی قائم کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سائبر کرائم سے متعلق ڈیٹا کی حفاظت کیلئے سخت اقدامات کا حکم دیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ سائبر کرائم ہمارا بڑا چیلنج ہے، نئی نسل کا تحفظ چاہتے ہیں۔ بچوں کو بلیک میلنگ سے بچانے کیلئے ٹیکنالوجی اور ٹولز کا بھرپور استعمال کیا جائے گا۔ والدین بچوں کے سوشل میڈیا کے استعمال کو محدود کرنے پر توجہ دیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ بچوں اور خواتین کے خلاف ڈیجیٹل کرائم کو ہر صورت روکنا ہوگا۔ کسی بھی شخص کو دوسروں کی پرائیویسی میں دخل اندازی کا ہرگز حق حاصل نہیں۔ سوشل میڈیا کریمنلز کو انجام تک پہنچا کر مثال قائم کریں گے۔

بقیہ 16

بہتری کے وژن اور سیاسی بصیرت سے متاثر ہو کر پارٹی میں شامل ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان کی اور پارٹی قیادت کی سوچ یکساں ہے اور سب مل کر ملک سے دہشتگردی کے خاتمے اور نوجوانوں کو جدید وٹیکنیکل تعلیم سے آراستہ کرنے کے لیے کام کریں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مضبوط پاکستان ہی خوشحال عوام کی ضمانت ہے، اور وہ پارٹی قیادت کی جانب سے دی گئی ذمہ داریوں کو احسن طریقے سے نبھانے کی بھرپور کوشش کریں گے۔ اس موقع پر چیئرمین خاقان وحید خواجہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی عالمی سطح پر اہمیت میں اضافہ ہوا ہے اور یہ سب پاک فوج کی بہادری اور قیادت کی مؤثر حکمت عملی کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک سے دہشتگردی کے خاتمے کے لیے پوری قوم پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے خیبر پختونخوا کے مسائل کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ ادوار میں صوبے کے درپیش مسائل حل نہیں کیے گئے، تاہم پاکستان عوامی قوت پارٹی صوبے کے مسائل کے حل، نوجوانوں کو ہنر مند بنانے اور انہیں عالمی معیار کی تعلیم فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کرے گی۔ چیئرمین نے اعلان کیا کہ صدر کے پی کے ضیاء الرحمن غازی سے مشاورت کے بعد نوجوانوں کے لیے مفت ڈیجیٹل مارکیٹنگ اور ای کامرس کورسز کا آغاز کیا جائے گا تا کہ وہ اپنے پاؤں پر کھڑے ہو سکیں۔

بقیہ 17

ستھرا پنجاب اتھارٹی بابر صاحب دین نے لاہور میں صفائی آپریشنز کے حوالے سے بریفنگ دی۔ تمام اسسٹنٹ کمشنرز نے اپنی تحصیلوں میں عارضی کولیکشن پوائنٹس کیلئے سرکاری اراضی کی دستیابی پر رپورٹ پیش کی۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا کہ ستھرا پنجاب کے دائرہ کار میں بتدریج اضافہ کیا جا رہا ہے۔ لاہور میں واقع ریلوے کالونیوں اور ریلوے ٹریکس کی صفائی کیلئے اضافی اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ ویسٹ ٹو ویلیو فیز کیلئے تمام امکانات کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ کے مشیر ذیشان ملک نے ستھرا پنجاب میں شہریوں کی شمولیت بڑھانے اور آگاہی مہم تیز کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ستھرا پنجاب دنیا میں پاکستان کی نیک نامی کا باعث بنا ہے۔ پہلے مرحلے کی طرح انشاء اللہ دوسرے مرحلے ویسٹ ٹو ویلیو کے اہداف بھی حاصل کئے جائیں گے۔

بقیہ 18

کہا ہے کہ ریڈ زون کو مکمل سیل کیا جائے گا اور صرف متعلقہ افراد کو داخلے کی اجازت ہوگی۔ اسلام آباد مذاکرات کیلئے غیر ملکی وفود کی آمد کے حوالے سے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت سیکورٹی و دیگر انتظامات سے متعلق خصوصی اجلاس ہوا جس میں امریکہ ایران مذاکرات کے حوالے سے تیاریوں اور سیکورٹی پلان کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے غیر ملکی مہمانوں کے لیے انتظامات کی ہدایت کی۔ محسن نقوی نے کہا کہ جنگ بندی کے بعد امریکہ ایران مذاکرات کا اسلام آباد میں انعقاد پاکستان کے لیے ایک اعزاز کی بات ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے آنے والے وفود کی مہمان نوازی اور سیکورٹی کیلئے ہر ممکن اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ریڈ زون کو مکمل سیل کیا جائے گا اور صرف متعلقہ افراد کو داخلے کی اجازت ہوگی، اس ضمن میں وزارت داخلہ میں کنٹرول روم قائم کر دیا گیا ہے۔ اجلاس میں وزیر مملکت داخلہ طلال چوہدری، وفاقی سیکرٹری داخلہ، چیف کمشنر، آئی جی اسلام آباد پولیس، کمشنر راولپنڈی، ڈی جی ایف آئی اے، ڈی سی اسلام آباد، رینجرز، فیڈرل کانسٹیبلری اور وزارت خارجہ کے نمائندوں نے شرکت کی۔

بقیہ 19

تھانہ صدر شکر گڑھ کا فیصلہ سناتے ہوئے ملزم سلطان ولد شوکت علی کو عمر قید بمعہ پندرہ لاکھ روپے جرمانہ ادا کرنے کا حکم مورخہ 09 اپریل 2026ء کو سنایا اور جرمانے کی عدم ادائیگی کی صورت میں ملزم مذکور کو مزید 20 مہینے قید محض کا حکم دیا۔ ملزم پر الزام تھا کہ وہ ڈرون کے ذریعے منشیات کی سمگلنگ کرتا تھا۔ فاضل سیشن جج نے دیگر چار ملزمان کو مقدمہ ہذا میں شک کا فائدہ دیتے ہوئے بری کر دیا۔

بقیہ 20

لیے ہیلتھ پروفیشنلز کی مسلسل سکل ڈویلپمنٹ اور مؤثر ٹیم ورک کلیدی حیثیت رکھتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے امیر الدین میڈیکل کالج ولاہور جنرل ہسپتال میں منعقدہ "گرینڈ کلینیکل راؤنڈ لیکچر" سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس سیمینار کا مقصد نوجوان ڈاکٹروں کو جدید طبی تقاضوں، تحقیق کے عالمی رجحانات اور بین الاقوامی پروٹوکولز سے روشناس کرانا تھا۔ تقریب میں امریکہ سے آئے ہوئے ممتاز پاکستانی نژاد معالج اور ساؤتھ ایسٹ جارجیا ہیلتھ سسٹم کے پروگرام ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر آفتاب احمد نے اپنے لیکچر میں کہا کہ موجودہ دور میں طبی کامیابی کا دارومدار مسلسل تحقیق اور ڈیٹا پر مبنی طریقہ علاج (Evidence-based Medicine) پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی ڈاکٹرز بے پناہ صلاحیتوں کے حامل ہیں، تاہم عالمی سطح پر اپنی شناخت بنانے کے لیے انہیں کلینیکل ڈیٹا کی اہمیت کو سمجھنا ہوگا اور اسے جدید سائنسی خطوط پر مرتب کرنا ہوگا۔ پروفیسر آفتاب احمد نے مزید کہا کہ جدید طبی نظام میں ٹیم ورک بنیادی ستون کی حیثیت رکھتا ہے۔ مریضوں کی بہترین نگہداشت اور پیچیدہ امراض کا علاج اسی وقت ممکن ہے جب مختلف شعبہ جات کے طبی ماہرین باہمی تعاون اور مربوط حکمت عملی کے تحت کام کریں۔ انہوں نے اس موقع پر امریکی میڈیکل ریزیڈنسی کے نظام، وہاں داخلے کے طریقہ کار اور تحقیق کے کلچر پر بھی تفصیلی روشنی ڈالی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر ڈاکٹر فاروق افضل نے کہا کہ جونیئر ڈاکٹرز کو روایتی طریقہ علاج تک محدود رہنے کے بجائے کلینیکل ریسرچ اور جدید سپیشلائزیشن کے شعبوں میں مہارت حاصل کرنی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا مشن پی جی ایم آئی اور اے ایم سی کو ایک ایسی ریسرچ بیسڈ لیبارٹری میں بدلنا ہے جہاں ہر مریض کا ڈیٹا عالمی معیار کے مطابق محفوظ ہو، تا کہ مستقبل کے چیلنجز کا مؤثر مقابلہ کیا جا سکے۔ تقریب میں سوال وجواب کا سیشن منعقد ہوا جس میں میڈیکل سٹوڈنٹس اور ڈاکٹروں نے امریکی نظام صحت اور پیشہ ورانہ ترقی سے متعلق سوالات کیے۔ بعد ازاں پرنسپل پروفیسر فاروق افضل نے پروفیسر ڈاکٹر آفتاب احمد کی علمی خدمات کے اعتراف میں انہیں ادارے کی جانب سے یادگاری شیلڈ پیش کی۔ اس موقع پر فیکلٹی ممبران، پروفیسر طیبہ گل ملک، پروفیسر خرم سلیم، پروفیسر نازش ثقلین، پروفیسر آمنہ خانم، ڈاکٹر محمد الیاس، ڈاکٹر جاوید گھمن، ڈاکٹر عبدالعزیز سمیت نوجوان ڈاکٹرز، نرسنگ آفیسرز اور میڈیکل سٹوڈنٹس کی بڑی تعداد موجود تھی۔

بقیہ 21

اسرائیل بھی اپنے حملے کم کرے گا۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے ساتھ ممکنہ امن معاہدے کے حوالے سے امید کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ معاہدہ قریب ہو سکتا ہے اور پیش رفت مثبت سمت میں جاری ہے۔ امریکی میڈیا کو دیئے گئے انٹرویو میں صدر ٹرمپ نے کہا کہ وہ اسلام آباد میں جاری مذاکرات کے حوالے سے بہت پرامید ہیں اور توقع رکھتے ہیں کہ سفارتی کوششیں جلد نتائج دیں گی۔ ان کے مطابق خطے میں کشیدگی میں کمی متوقع ہے اور اسرائیل بھی اپنے حملے کم کرے گا۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ ایرانی قیادت مذاکرات میں معقول رویہ اختیار کیے ہوئے ہے تاہم اگر معاہدہ نہ ہوا تو صورتحال بہت تکلیف دہ ہوسکتی ہے۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ بینجمن نیتن یاہو نے حالیہ ٹیلیفونک گفتگو میں لبنان پر حملوں میں کمی پر رضامندی ظاہر کی ہے۔ صدر ٹرمپ کے مطابق ایران کے ساتھ بات چیت میں پیش رفت ہو رہی ہے اور دونوں جانب سنجیدگی دکھائی جا رہی ہے، جو ممکنہ امن معاہدے کی راہ ہموار کرسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر مذاکرات کامیاب ہوتے ہیں تو یہ نہ صرف خطے بلکہ عالمی امن کے لیے بھی ایک اہم پیش رفت ہوگی۔

بقیہ 22

آف پاکستان سے کروایا جائے گا جبکہ سوشل سیکورٹی اداروں کے اکاؤنٹس آڈیٹر جنرل پاکستان سے آڈٹ کروائے جانے کا کہا گیا ہے۔ ترمیمی متن میں گورننگ باڈی میں پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ بورڈ کے نمائندے کو شامل کرنے اور گورننگ باڈی ممبران کی تعداد چار سے بڑھا کر پانچ کرنے سمیت فنانس کے ساتھ پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ بورڈ کے نمائندہ کی شمولیت کی تجویز دی گئی ہے۔ ترمیم میں قانون کے مطابق متعلقہ ریگولیٹری اداروں کی شرائط پوری کرنا لازمی قرار دینے کی تجویز بھی شامل کی گئی ہے جبکہ گورننگ باڈی کو چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ یا فرم سے اضافی آڈٹ کرانے کا اختیار ہوگا۔ علاوہ ازیں سوشل سیکورٹی کو خود میڈیکل، ڈینٹل، نرسنگ، الائیڈ ہیلتھ ادارے قائم کرنے کی اجازت بھی ہو گی، متعلقہ کمیٹی 2 ماہ میں بل پر رپورٹ ایوان میں پیش کرے گی۔

بقیہ 23

اساتذہ کو مراعات کے ساتھ اضافی الاؤنس بھی ملے گا۔ پرائمری، مڈل سکولوں میں صرف پی ایس ٹی اور ای ایس ٹی اساتذہ خدمات سرانجام دیں گے۔ پرائمری، مڈل سکولوں کی آؤٹ سورسنگ کے باعث اساتذہ کو ہائی اور ہائر سیکنڈری سکولوں میں بھیجنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اعلی تعلیم یافتہ ہونے کے باوجود مذکورہ اساتذہ کے تجربہ سے فائدہ نہیں لیا جا رہا تھا۔ پنجاب بھر میں ایم فل اور پی ایچ ڈی اساتذہ کی تعداد 1800 سے زائد ہے۔

بقیہ 24

سے حیدر نامی ملزم کو دبوچ لیا۔ دوران تفتیش گرفتار ملزم حیدر نے ہوشربا سنسنی خیز انکشافات کیے ہیں، جس کے بعد اس کے ہمراہی ساتھیوں اویس اور دیگر سہولت کاروں کی گرفتاری کے لیے پولیس نے جال بچھا دیا ہے۔ ایس ایچ او مرزا طیب ظہیر بیگ کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ ملزم کے انکشافات کی روشنی میں مزید سنسنی خیز گرفتاریاں متوقع ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ گرفتار ملزم اور اس کے ساتھی ضلعی سطح پر سنگین جرائم کا ریکارڈ یافتہ ہیں اور ضلع راولپنڈی کے متعدد تھانوں میں ان کے خلاف مقدمات درج ہیں۔ بیوہ اور بے سہارا خواتین کے حق پر ڈاکہ ڈالنے والے اس گروہ کی گرفتاری پر عوامی وسماجی حلقوں نے ایس پی سید دانیال حسن اور ایس ایچ او مرزا طیب ظہیر بیگ اور ٹیم کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ ان درندہ صفت عناصر کو نشان عبرت بنایا جائے تا کہ مستقبل میں کسی کو ایسی جسارت کی ہمت نہ ہو سکے۔ ملزم کو شناخت پریڈ کے لیے اڈیالہ جیل منتقل کر دیا گیا ہے جبکہ لوٹی گئی رقم کی برآمدگی کے لیے تحرک جاری ہے۔

بقیہ 25

خودکشی کی کوشش کر چکا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ مقتول کی جیب سے ایک تحریری نوٹ بھی ملا ہے، جس میں خودکشی کا عندیہ دیا گیا ہے تاہم واقعہ انتہائی مشکوک ہونے کے باعث مختلف پہلوؤں سے تفتیش جاری ہے۔ لاش کو پوسٹ مارٹم کے بعد مردہ خانے منتقل کر دیا گیا ہے جبکہ پولیس شواہد اکٹھے کر کے اصل حقائق جاننے کی کوشش کر رہی ہے۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن جہانداد اکرم بھی نفری کے ہمراہ موقع پر پہنچیں۔ انہوں نے کہا کہ واقعہ کی محرکات کا تعین کیا جا رہا ہے۔

بقیہ 26

پیرودھائی کے علاقوں میں کی گئیں۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 27

اسلام آباد پولیس نے وفاقی دارالحکومت میں فول پروف سکیورٹی کو یقینی بنانے کیلئے مؤثر اقدامات کئے ہیں۔ اس سلسلے میں ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے مختلف ناکہ جات اور ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ کیا اور موقع پر موجود پولیس افسران وجوانوں کے ساتھ ملاقات کی۔ انہوں نے چیکنگ کے عمل کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کے لئے ناکہ بندی کو مزید مؤثر اور بامقصد بنایا جائے۔ تمام افسران ہمہ وقت الرٹ رہیں، مشکوک افراد اور گاڑیوں کی مؤثر چیکنگ کو یقینی بنائیں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی فوری اطلاع متعلقہ حکام کو دیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ تمام افسران وجوان شہریوں سے خوش اخلاقی اور احترام کے ساتھ پیش آئیں تا کہ پولیس اور عوام کے درمیان اعتماد کے رشتے کو مزید مضبوط کیا جا سکے۔ شہریوں کے جان ومال کا تحفظ اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے اور سکیورٹی کے تمام اقدامات اسی مقصد کے تحت کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے شہریوں سے بھی اپیل کی کہ وہ پولیس کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کی اطلاع فوری طور پر متعلقہ پولیس اسٹیشن یا پولیس ہیلپ لائن "پکار-15" پر دیں۔

بقیہ 28

گاڑی اپنے نام ٹرانسفر کروالی تھی، زیر حراست اشتہاری کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، اشتہاری مجرمان اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 29

تنویر احمد شیخ نے چار صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کیا، جسے عدالتی نظیر کی حیثیت بھی حاصل ہوگی ہے۔ عدالت نے ایڈیشنل سیشن جج لاہور کا فیصلہ کالعدم قرار دیتے ہوئے واضح کیا کہ ملزم کو شکایت کنندہ کی جانب سے جمع کرائی گئی تمام دستاویزات تک رسائی حاصل کرنا اس کا بنیادی قانونی حق ہے۔ عدالت کے روبرو یہ معاملہ اس وقت آیا جب ایڈیشنل سیشن جج نے ملزم کی جانب سے دستاویزات کی فراہمی کی درخواست مسترد کر دی تھی۔ تاہم ہائیکورٹ نے اس فیصلے کو قانون کے منافی قرار دیتے ہوئے کہا کہ ٹرائل کی شفافیت اور انصاف کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے ملزم کو تمام شواہد اور ریکارڈ تک مکمل رسائی دینا ضروری ہے۔ فیصلے میں مزید کہا گیا کہ دستاویزات کی فراہمی کسی قسم کی رعایت یا سہولت نہیں بلکہ ایک لازمی قانونی حق ہے اور اس کے بغیر منصفانہ ٹرائل ممکن نہیں۔ عدالت نے واضح کیا کہ اگر ملزم کو مکمل ریکارڈ فراہم نہ کیا جائے تو وہ اپنے دفاع کی مؤثر تیاری نہیں کر سکتا، جو انصاف کے بنیادی اصولوں کے خلاف ہے۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں آئین پاکستان کے آرٹیکل 10-A کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ہر شہری کو منصفانہ ٹرائل کا حق حاصل ہے، اور اس حق کی تکمیل کے لیے ضروری ہے کہ ملزم کو مقدمے کی تمام متعلقہ دستاویزات بروقت فراہم کی جائیں۔ آخر میں عدالت نے ملزم شوکت علی کی درخواست منظور کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ وہ تمام دستاویزات فراہم کریں تا کہ ٹرائل قانون کے مطابق شفاف انداز میں آگے بڑھ سکے۔ یہ فیصلہ فوجداری نظام انصاف میں شفافیت، انصاف اور ملزمان کے حقوق کے تحفظ کے حوالے سے ایک اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔

بقیہ 30

سٹرکچرنگ کے ذریعے ادارے کو مضبوط کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سرمایہ کاری کے فروغ اور سرمایہ کاروں کو سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے ادارے کو اپنا حقیقی کردار ادا کرنا ہے۔ صوبائی وزیر نے ادارے کی ویب سائٹ اور پورٹل کو مزید بہتر کرنے اور سپیشل اکنامک زونز میں معاشی سرگرمیوں کے فروغ کے اقدامات کی مؤثر مانیٹرنگ کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ فیڈمک کے زیر اہتمام صنعتی مراکز میں صنعتکاروں کی سہولت کیلئے پہلی بار بنکوں کی برانچیں لائی جا رہی ہیں۔ فیصل آباد میں 50 ایکڑ رقبے پر ایکسپو سینٹر اسی سال بننا شروع ہو جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان میں پہلی بار وی وو موبائل فون اور چپ فریم کی مینوفیکچرنگ جلد شروع ہونے جا رہی ہے۔ رحیم یار خان میں ائیر پورٹ کو آپریشنل کرنے کیلئے وفاقی حکومت سے بات چیت کی ہے، ایئرپورٹ کے آپریشنل ہونے سے رحیم یار کے صنعتی مرکز میں سرمایہ کاری آئے گی۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ پنجاب کے سپیشل اکنامک زونز معاشی ترقی کے انجن ہیں یہاں ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ پنجاب سرمایہ کاری بورڈ سرمایہ کاروں کو بہتر سہولیات کی فراہمی یقینی بنائے۔ پنجاب چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس بلانے کے لیے اقدامات کئے جائیں۔ ڈی جی پنجاب سرمایہ کاری بورڈ ڈاکٹر سہیل احمد، ڈائریکٹرز اور متعلقہ افسران نے اجلاس میں شرکت کی۔

بقیہ 31

اور دنیا بھر میں سیمینارز، آگاہی مہمات اور تعلیمی پروگرامز کا انعقاد کیا جاتا ہے تا کہ عوام میں سمندری حیات کے تحفظ کی اہمیت کو اجاگر کیا جا سکے۔ ماہرین کے مطابق پلاسٹک آلودگی اور تیل کے اخراج جیسے عوامل ڈولفنز کی زندگی کے لیے شدید خطرہ بن چکے ہیں جبکہ ماہی گیری کے غیر ذمہ دارانہ طریقے بھی ان کی تعداد میں کمی کا باعث بن رہے ہیں۔ اس دن کا بنیادی مقصد حکومتوں اور عالمی اداروں کو مؤثر پالیسی سازی کی جانب راغب کرنا اور عوام کو اس بات کا احساس دلانا ہے کہ اگر بروقت اقدامات نہ کیے گئے تو ڈولفنز سمیت کئی سمندری انواع معدومی کے خطرے سے دوچار ہوسکتی ہیں۔ ماحولیات کے ماہرین نے زور دیا ہے کہ سمندری حیات کے تحفظ کے لیے اجتماعی کوششیں ناگزیر ہیں تا کہ آنے والی نسلوں کے لیے قدرتی توازن برقرار رکھا جا سکے۔

بقیہ 32

جبکہ ایک اور کارروائی میں گھر میں چوری کی واردات کرنے والی 2 خانہ بدوش خاتون ملزمان مسمات زبرہ، شائلہ بنت محمد رفیق سکنہ سرگودھا گرفتار کر کے 3 ماشے کی طلائی انگوٹھی مالیتی 2 لاکھ روپے برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر لئے ہیں۔

بقیہ 33

امداد، اور دیگر ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کا عملی مظاہرہ کیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو احمد ہارون نے تمام متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ وہ ممکنہ سیلابی خطرات کے پیش نظر اپنی تیاریوں کو مکمل رکھیں اور کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں فوری ردعمل یقینی بنائیں۔ موک ایکسرسائز کا مقصد عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے اداروں کی پیشگی تیاریوں کو مزید مؤثر بنانا ہے تا کہ مون سون سیزن کے دوران کسی بھی ہنگامی صورتحال سے بہتر انداز میں نمٹا جا سکے۔

بقیہ 34

کی سماعت نہ کریں، اب ایسے تمام کیسز کی سماعت صرف عدالتی کمیشن کے روبرو ہی کی جائے گی جبکہ فریقین کے سامنے پیش ہونے کا حق برقرار رکھا گیا ہے۔ دوسری جانب عدالتی کمیشن کا آن لائن ویب پورٹل گزشتہ دو ہفتوں سے بند ہونے کے باعث شدید مشکلات پیدا ہوگئی ہیں، اس صورتحال کے نتیجے میں لاہور سمیت صوبہ بھر کے ہزاروں بیمار، ضعیف مرد وخواتین کے کیسز التواء کا شکار ہو گئے ہیں اور فیصلوں میں تاخیر ہو رہی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ نچلی مقامات پر سماعت پر پابندی مبینہ طور پر ملتان میں کروڑوں روپے کے فراڈ کیسز سامنے آنے کے بعد لگائی گئی، ملتان کے کمشنر نے ریونیو افسران کی مبینہ بے ضابطگیوں پر مشتمل رپورٹ بورڈ آف ریونیو پنجاب کو ارسال کی۔ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا کہ بعض ریونیو افسران نے اپنے پاس ورڈ ماتحت عملے کو فراہم کیے، جس کے نتیجے میں کروڑوں روپے مالیت کے کیسز کی سماعت غیر متعلقہ افراد کے ذریعے کیے جانے کی شکایات سامنے آئیں۔ مزید برآں، لاہور میں سینکڑوں کیسز صرف اس وجہ سے زیر التواء ہیں کہ فریقین کو روبرو سماعت ممکن نہیں ہو پا رہی، بورڈ آف ریونیو پنجاب کے حکام نے تصدیق کی ہے کہ عدالتی کمیشن کے علاوہ نچلی مقامات پر اس نوعیت کی سماعت پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے۔

بقیہ 35

مراکز اور دیگر حساس مقامات پر کیے گئے حفاظتی اقدامات کا معائنہ بھی کیا گیا۔ آئی جی اسلام آباد نے ڈیوٹی پر مامور پولیس افسران اور جوانوں کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ڈیوٹی کی نوعیت اور حساسیت کو مدنظر رکھتے ہوئے سیکورٹی کو مزید مؤثر، مربوط اور سخت بنایا جائے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ تمام اہلکار الرٹ رہیں اور اپنی ذمہ داریاں انتہائی پیشہ ورانہ انداز میں سرانجام دیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ اسلام آباد پولیس کی جانب سے تمام اہم مقامات بشمول وینیوز، ایئرپورٹس، مرکزی شاہراہوں، روٹس، فنل ایریاز، ہوٹلز اور غیر ملکی وفود کی قیام گاہوں پر سخت سیکورٹی انتظامات کو یقینی بنایا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ غیر ملکی وفود اور مہمانوں کو فول پروف سیکورٹی فراہم کی جا رہی ہے۔ آئی جی اسلام آباد نے مزید کہا کہ سیکورٹی پلان میں اسلام آباد پولیس کے علاوہ وزارت خارجہ، ضلعی انتظامیہ، پاکستان آرمی، رینجرز، فرنٹیئر کور (ایف سی)، دیگر صوبوں کی پولیس، انٹیلیجنس ایجنسیاں، ٹریفک پولیس اور سپیشل برانچ کے افسران وجوان بھی بھرپور انداز میں اپنی ذمہ داریاں ادا کر رہے ہیں، تا کہ مجموعی سیکورٹی نظام کو مزید مضبوط اور مؤثر بنایا جا سکے۔ مزید برآں، شہریوں کی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک جامع اور مربوط ٹریفک پلان بھی ترتیب دیا گیا ہے، جس کا مقصد ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنا اور عوام کو ممکنہ مشکلات سے بچانا ہے۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ سیکورٹی اداروں کے ساتھ مکمل تعاون کریں اور جاری ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں۔ آخر میں آئی جی اسلام آباد نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اسلام آباد پولیس اپنے تمام تر وسائل بروئے کار لاتے ہوئے غیر ملکی وفود کو بہترین سیکورٹی فراہم کرے گی اور ملکی وقار، سلامتی اور تشخص کو برقرار رکھنے کے لئے ہر ممکن اقدامات کو یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ 37

لیول 650 فٹ ریکارڈ کیا گیا ہے آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران چشمہ بیراج میں پانی میں خاطر خواہ اضافے کا امکان متوقع ہے۔

بقیہ 38

مانیٹرنگ جاری رہی گی۔ پولیس ترجمان کے مطابق 5 ہزار سے زائد افسران و اہلکاروں نے سیکورٹی فرائض سرانجام دیئے، جبکہ شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر 350 سے زائد خصوصی پکٹس قائم کی گئیں، اہم شاہراؤں پر اضافی نفری تعینات رہے اور داخلی پوائنٹس پر چیکنگ کا نظام سخت کیا گیا۔ سی پی او کی زیر صدارت پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں اعلیٰ سطحی اجلاس بھی منعقد ہوا، جس میں ڈی پی او چکوال، ڈی پی او مری، ایس پی آپریشنز، ایس ایس پی انویسٹی گیشن، چیف ٹریفک آفیسر اور دیگر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں فول پروف سکیورٹی کو ہر صورت یقینی بنانے کے احکامات جاری کیے گئے۔ سیکورٹی اقدامات کے تحت ایلیٹ فورس، ڈولفن فورس اور دیگر کوئیک رسپانس یونٹس کو الرٹ گشت پر مامور کیا گیا۔ شہر میں سرچ، سویپ، کومبنگ اور انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز میں بھی تیزی لائی گئی۔ مزید برآں، سیکورٹی وجوہات کی بنا پر بعض مقامات پر مارکیٹس، دکانیں، ہوٹلز اور بس اڈوں کو عارضی طور پر بند کر کے سخت چیکنگ کا نظام نافذ کیا گیا۔ حساس تنصیبات، اہم سرکاری ونجی مقامات اور قیام گاہوں کے اطراف سیکورٹی مزید سخت کی گئی ہے۔ سیف سٹی منصوبے کے تحت سی سی ٹی وی کیمروں اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے 24 گھنٹے مانیٹرنگ کی گئی، جبکہ کنٹرول روم سے لمحہ بہ لمحہ صورتحال کی نگرانی جاری رہی۔ ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے خصوصی ٹریفک پلان بھی ترتیب دیا گیا اور شہریوں کی سہولت کے لیے متبادل راستے فراہم کیے گئے۔ سی پی او سید خالد محمود ہمدانی نے کہا کہ شہریوں اس کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے راولپنڈی پولیس تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے اور سیکورٹی کے حوالے سے کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 39

یونٹس میں استعمال ہونے والی سرکاری گاڑیاں انتہائی خراب حالت میں ہیں۔ کئی گاڑیاں نہ صرف تکنیکی خرابیوں کا شکار ہیں بلکہ ان کی مرمت اور دیکھ بھال پر بھی خاطر خواہ توجہ نہیں دی جا رہی۔ مقامی حلقوں کا کہنا ہے کہ اس صورتحال میں فیلڈ آپریشنز، خصوصاً بقایاجات کی وصولی مہم، بری طرح متاثر ہو رہی ہے۔ مزید برآں، ادارے کے لیے مختص پیٹرول اور ڈیزل کے فنڈز کے استعمال پر بھی سوالات اٹھائے جا رہے ہیں۔ ذرائع کا دعویٰ ہے کہ بعض افسران کی جانب سے سرکاری وسائل کے مبینہ طور پر ذاتی استعمال کی اطلاعات ہیں، جس کے باعث نہ صرف ادارے کو مالی نقصان پہنچ رہا ہے بلکہ فیلڈ میں کام کرنے والے عملے کو شدید مشکلات کا سامنا بھی ہے۔ فیلڈ اسٹاف، جن میں لائن مین اور لائن سپرنٹنڈنٹ شامل ہیں، نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ انہیں اکثر اپنی جیب سے پیٹرول ڈال کر موٹر سائیکلوں پر ڈیوٹی سرانجام دینا پڑتی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ محدود وسائل اور سہولیات کے باوجود وہ بجلی چوری کے خلاف کارروائیوں اور بقایاجات کی وصولی کے لیے اپنی ذمہ داریاں ادا کر رہے ہیں، تاہم موجودہ حالات میں مؤثر کارکردگی دکھانا انتہائی مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ متاثرہ ملازمین کا کہنا ہے کہ اگر ادارے کے وسائل کا شفاف اور مؤثر استعمال یقینی بنایا جائے تو کارکردگی میں نمایاں بہتری لائی جا سکتی ہے۔ انہوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ صورتحال کا فوری نوٹس لیتے ہوئے گاڑیوں کی مرمت، فنڈز کے درست استعمال اور فیلڈ اسٹاف کو درپیش مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کریں۔ دوسری جانب شہری حلقوں نے بھی اس معاملے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ آئیسکو کی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے مؤثر نگرانی کا نظام متعارف کرایا جائے تا کہ صارفین کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے اور ادارے پر عوام کا اعتماد بحال ہو سکے۔

بقیہ 40

آپریشنز کیے گئے۔ سرچ آپریشن کے دوران 1901 افراد 323 گھرانو 26 ہوٹلو 74 دوکانیں 180 موٹر سائیکلوں اور 73 گاڑیوں کو چیک کیا گیا جبکہ 26 مشکوک افراد اور 13 موٹر سائیکلوں کو جانچ پڑتال کیلئے تھانہ جات منتقل کیا گیا۔ مزید براں منشیات فروشی میں ملوث ملزم کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 285 گرام آئس بھی برآمد کر لی گئی۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد نے کہا کہ سرچ آپریشن کا مقصد جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرنا اور شہر بھر میں سیکورٹی کو مؤثر بنانا ہے۔ سرچ آپریشنز ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں کیے جا رہے ہیں۔ اسلام آباد پولیس کا جرائم پیشہ عناصر، قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ شہریوں سے گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" پر فون دیں۔

بقیہ 41

اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لئے مؤثر کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلہ میں تھانہ کوہسار، تھانہ وومن، تھانہ ترنول، تھانہ شمس کالونی، تھانہ سہالہ اور تھانہ لوہی بھیر پولیس ٹیموں نے سات ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 217 گرام آئس، 50 بوتلیں شراب اور مختلف بور کے تین عدد پستول معہ ایمونیشن برآمد کر لئے۔ گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے جبکہ مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کیلئے چلائی جانے والی خصوصی مہم کے دوران 10 مجرمان کی گرفتاری عمل میں لائی گئی۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا کہ اسلام آباد پولیس وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے۔ کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ شہریوں کی جان ومال کی حفاظت اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی کے متعلق متعلقہ تھانہ یا ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" پر فوری اطلاع دیں تا کہ پولیس اور عوام کے باہمی تعاون سے شہر کو جرائم سے پاک کیا جا سکے۔

بقیہ 42

کیس انٹر نہیں ہو سکے گا۔ اس طرح اب ہر چیز ڈیجیٹل اور ٹریس ایبل ہو جائے گی اس نئے قانون کے نفاذ کے لئے سات روز کی ڈیڈ لائن دیتے ہوئے بتایا گیا کہ تمام تھانوں میں بائیو میٹرک سسٹم 7 دن کے اندر فعال کرنا لازمی ہے اور افسران کو 7 دن کے بعد سسٹم فعال ہونے کی رپورٹ کرنا ہوگی۔

بقیہ 43

کیا جاتا ہے تا کہ عوام کو اس بیماری کی علامات اور علاج کے بارے میں بتایا جا سکے۔ ماہرین کے مطابق بروقت تشخیص اور مناسب علاج سے مریض ایک بہتر زندگی گزار سکتے ہیں۔ پاکستان سمیت ترقی پذیر ممالک میں اس بیماری کے بارے میں آگاہی کی کمی پائی جاتی ہے جسے دور کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ حکومت اور فلاحی اداروں پر زور دیا جاتا ہے کہ وہ ہیموفیلیا کے مریضوں کو مفت علاج اور ادویات کی فراہمی یقینی بنائیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ اس دن کو منانے کا مقصد مریضوں کو معاشرے میں برابر کا مقام دینا اور ان کے مسائل کو اجاگر کرنا ہے تا کہ ان کی زندگی کو آسان بنائی جا سکے۔

بقیہ 44

ہوا ہے، جس میں دو مشینری مالکان سے بھاری رقوم کا مطالبہ کرتا سنائی دیتا ہے۔ ذرائع کے مطابق عدیل احمد پر الزام ہے کہ وہ ورکرز کو ملازمت سے نکال کر نئی بھرتیوں کے لیے بھاری رقوم وصول کرتا ہے جبکہ پرائیویٹ مشینری جیسے ٹریکٹر اور لوڈرز کو کام پر لگانے کے عوض بھی ناجائز رقم وصول کرنا معمول بنا چکا ہے۔ متاثرہ افراد کا کہنا ہے کہ محنت کش مزدوروں کو بلاجواز فارغ کر کے ذاتی مفادات کے تحت نئی بھرتیاں کی جا رہی ہیں جس سے نہ صرف بے روزگاری میں اضافہ ہو رہا ہے بلکہ حکومتی منصوبہ بھی متاثر ہو رہا ہے۔ اس حوالے سے جب مقامی صحافیوں نے عدیل احمد سے مؤقف لیا تو اس نے مبینہ طور پر دعویٰ کیا کہ وہ اپنی کمائی سے ٹھیکیدار سمیت اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور اور ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ کو بھی حصہ فراہم کرتا ہے۔ دوسری جانب علاقہ مکینوں نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے فوری نوٹس لینے اور ذمہ داران کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر ایسے عناصر کے خلاف کارروائی نہ کی گئی تو صاف ستھرا پنجاب پروگرام اپنے مقاصد حاصل کرنے میں ناکام ہو سکتا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ شفاف تحقیقات کے ذریعے حقائق سامنے لائے جائیں اور کرپشن میں ملوث افراد کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔

بقیہ 45

رتا امرال، تھانہ نیو ٹاؤن، اور راولپنڈی کے دیگر تھانوں میں سنگین نوعیت کے درجنوں مقدمات درج ہیں۔ ملزم بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے دفتر میں بیواؤں کی امدادی رقوم لوٹنے کی حالیہ واردات میں گوجر خان پولیس کو مطلوب تھا۔ اس مقدمے میں گرفتار ہمراہی ملزم حیدر جو فی الوقت اڈیالہ جیل میں ہے اس نے بھی دوران تفتیش اویس ملنگی کے اس واردات میں ملوث ہونے کی تصدیق کرتے ہوئے ہوشربا انکشافات کیے تھے۔ پولیس ذرائع نے دوٹوک موقف اختیار کرتے ہوئے کہا کہ گوجر خان پولیس نے ملزم کو نہ تو گرفتار کیا اور نہ ہی اس کے ٹھکانے پر کوئی ریڈ کیا، الزامات کا مقصد محض پولیس پر دباؤ ڈالنا اور سنگین کیس کا رخ تبدیل کرنا ہے ایسے اوچھے ہتھکنڈوں سے پولیس کا مورال ڈاؤن نہیں کیا جا سکتا۔ جبکہ دوسری طرف دلچسپ امر یہ ہے کہ ملزم اویس ملنگی کی اپنی سوشل میڈیا پر کچھ ویڈیوز بھی منظر عام پر آئی ہیں جن میں وہ نہ صرف شہریوں کے نام لے کر انہیں ہراساں کر رہا ہے بلکہ فخریہ طور پر اعتراف کر رہا ہے کہ اس پر اقدام قتل، اغوا اور مخالفین کو سافٹ ویئر اپ ڈیٹ تشدد کرنے کے متعدد پرچے درج ہیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ریکارڈ یافتہ مجرم کی لاش کو دوسرے ضلع سے ملنے کے واقعے کو پولیس کے کھاتے میں ڈالنا قانون سے بچنے کی ایک ناکام کوشش ہے معاملے کی شفاف تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 46

کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 47

1122 اہلکاروں نے زخمیوں اور لاشوں کو سول ہسپتال شکردرہ منتقل کر دیا۔ جاں بحق ہونے والوں کی شناخت زوجہ خالد عمر 50 سال اور زوجہ فہیم اللہ عمر 20 سال سے ہوئی جبکہ زخمی ہونے والوں میں مومنہ بی بی دختر فہیم اللہ عمر 16 ماہ اور مسمات (ع) دختر نامعلوم عمر 12 سال شامل ہے۔

بقیہ 48

مقررین نے مزارعین کو درپیش مسائل، مشکلات اور بنیادی سہولتوں کے حوالے سے آگاہی فراہم کریں گے۔

بقیہ 49

متاثر ہوا، جس کے نتیجے میں مختلف علاقوں میں گیس کی فراہمی معطل ہو گئی ہے۔ واقعے کے فوراً بعد سیکورٹی فورسز اور پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لے کر شواہد اکٹھے کر لئے۔ حکام نے کہا کہ واقعے کی تحقیقات جاری ہیں جبکہ تخریب کاروں کی تلاش کیلئے سرچ آپریشن بھی شروع کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 50

میں سراہا ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ جس طرح ہماری عسکری اور سیاسی قیادت نے اسلام آباد کو عالمی سفارت کاری کا مرکز بنا کر امریکہ اور ایران کو مذاکرات کی میز پر لانے کے لیے تگ ودو کی ہے، اس نے عالمی سطح پر پاکستان کا سر فخر سے بلند کر دیا ہے۔ یہ پاکستان کی پیس ڈپلومیسی کی جیت ہے جو خطے کو کسی بھی بڑے تصادم سے بچانے کے لیے ڈھال ثابت ہو رہی ہے۔ ایم پی اے راجہ شوکت عزیز بھٹی اور ثاقب علی بیگ ایڈووکیٹ نے ازلی دشمن بھارت کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا پڑوسی جو پاکستان کے خلاف منفی پروپیگنڈا اور اسے تنہا کرنے کے خواب دیکھتا تھا، آج پاکستان کی عالمی اہمیت دیکھ کر بوکھلاہٹ کا شکار ہے۔ بھارت یاد رکھے کہ پاکستان نہ صرف ایک ذمہ دار ایٹمی قوت ہے بلکہ وہ دنیا کے پیچیدہ ترین مسائل حل کرانے کی بھرپور صلاحیت بھی رکھتا ہے۔ ہماری قیادت کا امن مشن بھارت کی سازشوں کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگا، اور پاکستان کی سالمیت پر میلی آنکھ ڈالنے والے کو منہ توڑ جواب ملے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ گوجر خان کی عوام اپنی قیادت کے ہر اس اقدام کی تائید کرتی ہے جو ملکی وقار اور عالمی امن کے لیے اٹھایا جائے۔ پاکستان انشاء اللہ عالمی امن کا ضامن بن کر ابھرے گا۔

بقیہ 51

زر 30.3 ارب ڈالر ریکارڈ کی گئیں جو سالانہ بنیاد پر 8 فیصد زیادہ ہیں۔ خرم شہزاد نے بتایا کہ مالی سال 2025 کے 38 ارب ڈالر کے مقابلے میں مالی سال 2026 میں ترسیلات زر 41 ارب ڈالر سے تجاوز کرنے کی توقع ہے، بیرون ملک مقیم پاکستانی مسلسل ملکی معیشت کی ترقی اور مالی استحکام میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، موجودہ عالمی حالات کے باوجود ترسیلات زر کی آمد میں استحکام برقرار ہے اور مستقبل میں مزید اضافہ متوقع ہے۔ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی بھیجی جانے والی ریکارڈ ترسیلات زر حکومت پر بھرپور اعتماد کی عکاس ہیں، ملکی معیشت اور عالمی اعتماد میں خوش آئند پیشرفت کے باعث پاکستان ایک بااعتماد اور مضبوط معاشی قوت بن چکا ہے۔

بقیہ 52

چوہدری پاکستان کے ایک ایسے مایہ ناز مسیحی سپوت تھے جنہوں نے دفاع وطن کیلئے بیش بہا خدمات سر انجام دیں ان کی غیر معمولی کاوشوں کے باعث انہیں ستارہ جرات سے نوازا گیا جو میدان جنگ میں ان کی بہادری کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ 1965ء کی جنگ میں سیسل چوہدری نے بطور فلائٹ لیفٹنٹ، سرفراز رفیقی شہید کی زیر قیادت متعدد کارروائیوں میں شرکت کی حملے میں ان تینوں جانبازوں نے کئی بھارتی طیاروں کو تباہ وبرباد کیا۔ 1971 کی جنگ کے دوران سیسل چوہدری نے سرگودھا ایئر بیس پر خدمات انجام دیں، انہوں نے ایک لڑائی کے دوران دشمن کے ایک کینبرہ بمبار طیارے کو تباہ کیا۔ بھارتی سرحد کے قریب ایک مشن کے دوران ان کے طیارے میں آگ لگ گئی جس کی وجہ سے وہ پیراشوٹ سے باہر نکل گئے جس سے ان کی پسلیاں ٹوٹ گئیں تاہم اسکے باوجود، سیسل چوہدری نے اپنی قوم کے تئیں غیر متزلزل وابستگی کے ساتھ 14 اضافی فضائی مشنوں میں حصہ لیا، جس سے انہیں ستارہ بسالت سے نوازا گیا۔ سیسل چوہدری 13 اپریل 2012 کو پھیپھڑوں کے سرطان کے باعث لاہور میں انتقال کر گئے۔

بقیہ 53

بتایا کہ پولیس کا 83 فیصد بجٹ تنخواہوں کی مد میں خرچ ہوتا ہے جبکہ سات فیصد فیول، باقی 10 فیصد آپریشنل معاملات پر خرچ کیا جاتا ہے، 6 ارب کے کٹ لگنے سے وردی، اسلحہ و دیگر مرکزی خریداری متاثر ہوگی۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ سپلیمنٹری گرانٹ میں باقی ماندہ فنڈز مانگے جائیں گے، محکمہ خزانہ نے 6 ارب بروقت جاری نہ کئے تو اہم امور متاثر ہوں گے۔

بقیہ 54

گھمبیر صورتحال میں واپڈا میانوالی کئی کئی گھنٹے لوڈ شیڈنگ کر کے اور نااہل موبائل فون کمپنیوں کے سگنلز و انٹرنیٹ خراب کر کے اپنا مکروہ حصہ ڈال رہے ہیں مسلسل طوفانی بارشوں کے نتیجے میں دریائے سندھ میانوالی میں پانی کی آمد میں خطرناک حد تک اضافہ ہوگیا ہے دریائے سندھ میانوالی میں چشمہ بیراج کے مقام پر پانی کا بہاؤ میں خطرناک حد تک تیزی ریکارڈ کی گئی ہے چشمہ بیراج کے 50 اسپل ویز میں سے 20 اسپل ویز کھول دیئے گئے ہیں چشمہ بیراج میں پانی کی آمد 65 ہزار کیوسک جبکہ اخراج 63 ہزار کیوسک ریکارڈ کیا گیا ہے ارسا ذرائع کے مطابق چشمہ بیراج کا لیول 650 فٹ ریکارڈ کیا گیا ہے آئندہ 48 گھنٹوں کے دوران چشمہ بیراج میں پانی میں خاطر خواہ اضافے کا امکان متوقع ہے۔

بقیہ 55

حماد نے مزید کہا کہ میر نوید نہ صرف ایک باصلاحیت سیاسی ورکر ہیں بلکہ ضلع بھر میں اتحاد و یگانگت کی علامت کے طور پر جانے جاتے ہیں۔ انہوں نے ہمیشہ مثبت سیاست کو فروغ دیا اور کبھی کسی مخالف جماعت کی قیادت یا کارکنان کی ذات پر حملہ نہیں کیا۔ اگر کسی کے پاس ان کے خلاف کوئی ثبوت ہے تو وہ سامنے لایا جائے، ورنہ بے بنیاد الزامات اور تضحیک آمیز گفتگو سے گریز کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی مرکزی و ضلعی قیادت سے توقع ہے کہ وہ اس واقعہ کا نوٹس لے گی اور ایسے عناصر کی حوصلہ شکنی کرے گی جو سیاسی ماحول کو خراب کرنے کا باعث بن رہے ہیں۔ سیاسی میدان میں کارکردگی کا مقابلہ کیا جانا چاہیے، نہ کہ ذاتیات پر حملے کر کے اپنی کمزوریوں کو چھپانے کی کوشش کی جائے۔ ملک حماد نے اس امر پر زور دیا کہ حالیہ دنوں میں مسلم لیگ (ن) کو حلقہ این اے 50 اور صوبائی حلقہ جات پی پی 2- اور پی پی 4- میں حاصل ہونے والی کامیابیاں مخالفین کے لیے پریشانی کا باعث بن رہی ہیں، جس کے نتیجے میں اس طرح کے غیر سنجیدہ اور غیر مہذب ہتھکنڈے استعمال کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ میر نوید کی عوامی مقبولیت اور ان کی انتھک محنت اس بات کا ثبوت ہے کہ وہ ضلع اٹک کی سیاست میں ایک ابھرتے ہوئے مضبوط اور مؤثر رہنما ہیں۔ ان کی کامیابیاں دراصل عوامی خدمت کا نتیجہ ہیں، جنہیں کسی بھی منفی پروپیگنڈے سے کم نہیں کیا جا سکتا۔ ملک حماد نے واضح کیا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے کارکنان اپنے قائدین کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کی طرح کھڑے ہیں اور کسی بھی قسم کی کردار کشی کا بھرپور اور مہذب انداز میں جواب دینے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔ آخر میں انہوں نے کہا کہ سیاست شائستگی، برداشت اور عوامی خدمت کا نام ہے۔ اگر اس میں بدزبانی اور تضحیک کو فروغ دیا گیا تو یہ جمہوری اقدار کے لیے نقصان دہ ہوگا۔

بقیہ 56

کیا اور بتایا کہ اس ایکسرسائز کا مقصد ہنگامی حالات میں بروقت اور مؤثر ردعمل کو یقینی بنانے کے لیے اداروں کے درمیان باہمی رابطہ، تیاریوں اور عملی اقدامات کا جائزہ لینا تھا۔ اس موقع پر مختلف اداروں نے ریسکیو آپریشن، انخلا، طبی امداد، اور دیگر ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کا عملی مظاہرہ کیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو احمد ہارون نے تمام متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ وہ ممکنہ سیلابی خطرات کے پیش نظر اپنی تیاریوں کو مکمل رکھیں اور کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں فوری ردعمل یقینی بنائیں۔ موک ایکسرسائز کا مقصد عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے اداروں کی پیشگی تیاریوں کو مزید مؤثر بنانا ہے تا کہ مون سون سیزن کے دوران کسی بھی ہنگامی صورتحال سے بہتر انداز میں نمٹا جا سکے۔

بیوہ خواتین کی امدادی رقم لوٹنے والا خطرناک گینگ کا سرغنہ گرفتار

اے ایس پی سید دانیال حسن اور ایس ایچ او طیب بیگ کا سائنٹیفک ایکشن جی ٹی روڈ ڈکیتی کی گتھی چند دنوں میں سلجھا دی

مجرموں کے لیے زمین تنگ ہیں الاضلاعی ڈکیت گینگ کا حیدر عامی کارندہ حراکیا گیا، شہر باکشاں اور گرد نواح میں جیل منتقل

گوجرخان (کرشمہ/ا) تھانہ گوجرخان پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف ایک بار پھر اپنی برتری ثابت کر دی۔ اے ایس پی سید دانیال حسن کی زیر نگرانی اور ایس ایچ او تھانہ گوجرخان سردار طیب واردات کی گتھیاں سلجھا دیں۔ اسی آئی

شہر بیگ کی قیادت میں پولیس ٹیم نے جدید سائنٹیفک تکنیکوں اور پیشہ ورانہ مہارت کا استعمال کرتے ہوئے محض چند روز میں اصل ملزمان کا گھیرا تنگ کیا اور شرقی علاقے کمانیوال (بقیہ نمبر 2 ⓴)

11 ملزمان گرفتار، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 11 ملزمان گرفتار کر کے شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 11 ملزمان کو گرفتار کر کے 42 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کا لیا، ملزمان کے خلاف کارروائیاں تھانہ نیلہ بنی، دھمیال، رواٹ، واہ گیٹ، ٹھیرا جات اور (بقیہ نمبر 2 ⓶)

چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) گیمنڈی پولیس نے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق گیمنڈی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کر لیا، اشتہار جاری کیا گیا۔ اس ملزم کو مطلوب سیکو کی کارکردگی ایک بار پھر شدید تنقید کی زد میں

کندھ کوٹ: سیکو واپڈا کی تباہ حالی گاڑیاں حکام کی توجہ کی منتظر ہیں

اسلام آباد پولیس کا مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن

26 مشکوک افراد، 13 موٹر سائیکل چاچ پڑتال کیلئے تھانے منتقل

901 افراد، 323 گھرانوں، 26 ہوٹلوں، 74 دوکانوں کی چیکنگ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے مختلف علاقوں سرچ آپریشن کے دوران 26 مشکوک افراد اور 13 موٹر سائیکلوں کو چاچ پڑتال کیلئے تھانہ جات منتقل کیا جبکہ 901 افراد، 323 گھرانوں، 26 ہوٹلوں، 74 دوکانیں، 180 موٹر سائیکلوں اور 73 گاڑیوں کو چیک کیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی رضا کی زیر نگرانی مختلف علاقوں میں گریڈ سرچ اور کومبنگ (بقیہ نمبر 4 ⓪)

10 مجرمان اشتہاریوں سمیت 17 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

217 گرام آئس، 50 بوتلیں شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لئے گئے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے سنگین جرائم میں ملوث 10 مجرمان اشتہاریوں سمیت 7 عادی جرائم پیشہ عناصر گرفتار کر کے 217 گرام آئس، 50 بوتلیں شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم کی جان مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے جرائم کے انسداد (بقیہ نمبر 4 ⓪)

راولپنڈی پولیس کی نشیات کے خلاف کارروائیاں، وزیر حراست افراد سے برآمد ہونے والی چرس

نیا قانون بائیو میٹرک 7 دن میں فعال کرنے کی ڈیڈ لائن

تمام تھانوں میں بائیو میٹرک سسٹم 7 دن کے اندر فعال کرنا لازمی ہے

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا سمیت پنجاب کے تمام تھانوں میں نیا قانون بائیو میٹرک 7 دن میں فعال کرنے کی ڈیڈ لائن دے دی گئی جس کے نفاذ سے بغیر تصدیق تھانوں میں کوئی اندری نہیں ہوگی۔ زرائع کے مطابق سرگودھا سمیت پنجاب بھر کے تھانوں میں بائیو میٹرک سسٹم نافذ کیا جا رہا ہے جس کے تحت بغیر بائیو میٹرک ڈیوائسز کے نہ کوئی مدعی درج ہوگا اور نہ کوئی ملزم شامل ہوگا اور نہ ہی کوئی گاڑی رہا ہوگی یعنی کہ انگوٹھا نہیں لگایا گا (بقیہ نمبر 2 ⓪)

لاہور: چیف سیکرٹری پنجاب ذاہد اختر زمان کو باد شاہی مسجد میں تبرکات قرآن کریمی اور انجیل بال کی اشاعت کی تقریب کے موقع پر سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر احسان بھٹہ یادگری شیلڈ پیش کر رہے ہیں۔

ہیموفیلیا کا عالمی دن 17 اپریل کو منایا جائے گا

مریضوں کے حقوق، علاج اور احتیاطی تدابیر اجاگر کی جائیں گی

محمد شاہ میم (این این آئی) دنیا بھر میں ہر سال 17 اپریل کو عالمی یوم ہیموفیلیا منایا جاتا ہے جس کا مقصد اس مہلک خون کی بیماری کے بارے میں آگاہی فراہم کرنا ہے۔ یہ دن پہلی بار ورلڈ فیڈریشن آف ہیموفیلیا کی جانب سے منایا گیا جو اس کے بانی فرینک شیشل کی سالگرہ کے موقع پر

سفر ا پنجاب پروگرام میں میپیہ کرپشن کا انکشاف، آڈیو کلپ وائرل

ایریا منیجر پلوٹ مار کے الزامات، اعلیٰ حکام کو حصہ دینے کا بھرپور انکشاف، تحقیقات کا مطالبہ

ہیں۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے تحت جاری یہ پروگرام ہے مبینہ طور پر ایک ایریا منیجر کی جانب سے ایریا منیجر عدیل احمد پر پلوٹ مار اور ٹھیکہ جات دلوانے کے عوض کمیشن کا الزام عائد کیا گیا ہے جہاں ایریا منیجر عدیل احمد پر پلوٹ مار اور ٹھیکہ جات دلوانے کے عوض کمیشن کا الزام عائد کیا گیا ہے جس کی سوشل میڈیا پر وائرل (بقیہ نمبر 4 ⓪)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

ایس ایس پی آپریشنز ملک خالد محبوب فیلڈ میں موجود رہ کر تمام سکیورٹی انتظامات کی نگرانی کرتے ہوئے

غیر ملکی وفود کی آمد، شہر بھر میں سکیورٹی ہائی الرٹ رہی

پولیس کے اعلیٰ افسران خود فیلڈ میں موجود رہ کر سکیورٹی ڈیوٹیوں کی نگرانی کرتے رہے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے غیر ملکی وفود کی آمد و رفت کے پیش نظر شہر بھر میں سکیورٹی ہائی الرٹ کر دیا اور فول پروف انتظامات کو یقینی بنانے کیلئے غیر معمولی اقدامات کیے گئے ہیں۔ سی پی او سید خالد محمود ہمدانی کی ہدایت پر پولیس کے اعلیٰ افسران خود فیلڈ میں موجود رہ کر سکیورٹی ڈیوٹیوں کی نگرانی کرتے رہے اور (آج) ہفتہ کو بھی (بقیہ نمبر 3 ⓪)

کندھ کوٹ: سیکو واپڈا کی کارکردگی پر سنگین سوالات

گاڑیوں کی خستہ حالی اور فنڈز کے مبینہ غلط استعمال کا انکشاف

شمور (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ: سیکو واپڈا کی کارکردگی پر سنگین سوالات، گاڑیوں کی خستہ حالی اور فنڈز کے مبینہ غیر شفاف استعمال نے کئی اہم سوالات کو جنم دے دیا ہے، ذرائع کے مطابق سیکو کے مختلف آپریشنل (بقیہ نمبر 9 ⓪)

ملزم کو ٹرائل سے قبل تمام دستاویزات فراہم کرنا لازمی قرار

منصفانہ ٹرائل کے لیے شواہد تک مکمل رسائی بنیادی قانونی حق ہے تحریری فیصلہ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے فوجداری مقدمات میں ملزمان کے حقوق سے متعلق ایک نہایت اہم اور اصولی فیصلہ جاری کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ کسی بھی ملزم کو ٹرائل کے آغاز سے قبل مقدمے سے متعلق تمام دستاویزات کی فراہمی لازمی ہے اور اس کے بغیر کارروائی آگے نہیں بڑھائی جا سکتی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس (بقیہ نمبر 2 ⓪)

سی پی او راولپنڈی سید خالد ہمدانی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پنجاب میں سرمایہ کاروں کو بہتر سہولتیں فراہم کرینگے

اجلاس کے دوران اصلاحات اور ری سٹرکچرنگ کے ذریعے ادارے کو مضبوط کرنے کا فیصلہ کیا گیا

چوہدری شافع حسین کی زیر صدارت اجلاس، پنجاب سرمایہ کاری بورڈ کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین کی زیر صدارت پنجاب سرمایہ کاری بورڈ کے سینٹی روم میں اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں پنجاب بورڈ پیرائے سرمایہ کاری وتجارت کی مجموعی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ سی ای او پنجاب سرمایہ کاری بورڈ ذیشان نثیر رانا نے ادارے کی کارکردگی اور آئندہ کے لائحہ عمل بارے بریفنگ دی۔ اجلاس کے دوران اصلاحات اور ری (بقیہ نمبر 3 ⓪)

عالمی یوم ڈولفن 14 اپریل کو منایا جائے گا

ڈولفنز اور سمندری حیات کو بچانے کا عہد، آلودگی اور شکار سے ڈولفنز کو سنگین خطرات لاحق

مجرم شاہ میم (این این آئی) دنیا بھر میں ہر سال 14 اپریل کو عالمی یوم ڈولفن منایا جاتا ہے، جس کا مقصد ڈولفنز اور دیگر سمندری حیات کے تحفظ کے حوالے سے شعور بیدار کرنا ہے۔ اس دن کے موقع پر ماہرین ماحولیات اور فلاحی ادارے ڈولفنز کو درپیش خطرات جیسے سمندری آلودگی، غیر قانونی شکار اور ماحولیاتی تبدیلیوں پر توجہ دلاتے ہیں۔ ڈولفنز کو سمندری ماحولیاتی نظام کا اہم حصہ تصور کیا جاتا ہے۔ اس دن کی مناسبت سے مجرہ شاہ میم سمیت پاکستان (بقیہ نمبر 1 ⓪)

میانوالی، تھانہ واں بھچراں پولیس کا ایکشن

لکڑی چور اور خانہ بدوش چور گروہ تین گرفتار، مال مسروقہ برآمد کر لیا گیا

میانوالی (این این آئی) میانوالی کے قصبہ واں بھچراں پولیس نے ڈی پی او وقار عظیم کمبرل کی ہدایات پر کارروائی کرتے ہوئے 1 لکڑی چور، 2 خانہ بدوش چور گروہ کے تقریباً 13 کلو دو بالیت کی لکڑی، سفید رو پے کی لکڑی، 12 کلو بالیت کی طلائی انگوٹھیاں برآمد کر کے ایس ایچ او انسپکٹر سجاد علی خان آور انکی ٹیم نے لکڑی چوری کے مقدمے میں ملوث ملزم فیصل ولد محمد نواز شریف واں بھچراں کو گرفتار کر لیا جبکہ 13 کلو دو بالیت کی لکڑی، سفید مسٹک برآمد کیا (بقیہ نمبر 3 ⓪)

پنجاب میں دراشتی اراضی کیسز کی نجی مقامات پر سماعت پر پابندی

صرف عدالتی کمیشن کے روبرو کارروائی ہوگی، فریقین کے حقوق برقرار مگر طریقہ کار محدود

لاہور (این این آئی) صوبہ پنجاب میں دراشتی اراضی کے کیسز کی سماعت سے متعلق اہم پیش رفت سامنے آئی، جہاں لاہور سمیت صوبہ بھر میں سرکاری دفاتر کے علاوہ دیگر مقامات پر روبرو سماعت پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ زرائع کے مطابق، یونیورسل افسران کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ وہ گھروں، ہسپتالوں یا کسی بھی مقام پر دراشتی اراضی کے کیسز (بقیہ نمبر 3 ⓪)

آئی جی اسلام آباد کا لینڈ مافیا کا دور سخت سکیورٹی کے احکامات جاری

غیر ملکی وفود کی آمد و رفت کے پیش نظر سکیورٹی انتظامات، داخلی و خارجی راستوں، سرکاری و نجی اداروں کے حفاظتی اقدامات کا جائزہ

ڈیوٹی کی نوعیت اور حساسیت کو مدنظر رکھتے ہوئے سکیورٹی کو مزید موثر، مربوط اور سخت بنایا جائے، آئی جی سید علی ناصر رضوی

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی سید علی ناصر رضوی کے چیف کمشنر اسلام آباد کیپٹل اٹرف کے ہمراہ ریڈ زون میں غیر ملکی وفود کی آمد و رفت کے پیش نظر سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران داخلی و خارجی راستوں، اہم سرکاری دفاتر، سفارتی (بقیہ نمبر 3 ⓪)

طالبات ایوان کانفرنس میں ایجوکیشن ایکسپو اینڈ کیریئر کے دوران مقابلہ مصوری میں شریک ہیں

دریائے سندھ میانوالی میں پانی کی آمد میں خطرناک حد تک اضافہ ہو گیا

میانوالی (این این آئی) مسلسل طوفانی بارشوں کے نتیجے میں دریائے سندھ میانوالی میں پانی کی آمد میں خطرناک حد تک اضافہ ہو گیا ہے۔ دریائے سندھ میانوالی میں چشمہ بیراج کے مقام پر پانی کا بہاؤ اس خطرناک حد تک تیزی ریکارڈ کی گئی ہے چشمہ بیراج کے 50 ہیڈ ویز میں سے 20 ہیڈ ویز کھول دیے گئے ہیں چشمہ بیراج میں پانی کی آمد 65 ہزار کیوسک جبکہ اخراج 63 ہزار کیوسک ریکارڈ کیا گیا ہے ارسا ذرائع کے مطابق چشمہ بیراج کا (بقیہ نمبر 3 ⓪)

اوپن پی آر پر سیاسی اسلام آباد کا مارکیٹ کا جات و مختلف ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ

پولیس افسران و جوانوں، سکیورٹی انتظامات کو مزید بہتر بنانے کیلئے ہدایت جاری

اسلام آباد (این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز چاشنی علی رضا نے کا جرات اور عقلت ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ کر کے ڈیوٹی پر موجود پولیس افسران و جوانوں سے ملاقات کی اور سکیورٹی انتظامات کو مزید بہتر بنانے کیلئے ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں (بقیہ نمبر 2 ⓪)

ایس پی راول سعد سکیورٹی سکیورٹی کا جائزہ لے رہے ہیں

راولپنڈی، 3 نشیات سپلائر گرفتار، 4 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 3 نشیات سپلائر گرفتار کر کے 4 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی۔ تفصیلات کے مطابق بنی پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 1 کلو 680 گرام چرس برآمد کی، صادق آباد پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 1 کلو 550 گرام چرس برآمد کی، رتہ امرال پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کر کے 1 کلو 160 گرام چرس برآمد کی، ملزمان کیخلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، نشیات (بقیہ نمبر 4 ⓪)

دیا بھر میں مزارعین کے حقوق کا عالمی دن 18 اپریل کو منایا جائے گا

کوٹہ: (این این آئی) پاکستان سمیت دیا بھر میں مزارعین کے حقوق کا عالمی دن 18 اپریل کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد زمین کا سیدیز کر ضلعیں کاشت کرنے والے مزارعین کے حقوق کے متعلق آگاہی فراہم کرنا ہے اس سلسلے میں انجمن مزارعین، کسان بورڈ، پاکستان کسان اتحاد، فارز ایسوسی ایشن اور فیصل آباد سمیت ملک بھر میں سائی تنظیموں کے زیر اہتمام مختلف تقریبات منعقد کی جائیں گی جس سے خطاب کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 8 ⓪)

مکان کی چھت گرنے سے 2 خواتین جاں بحق، دو بچیاں زخمی

ریسکیو ٹیموں نے فوری طور پر چائے وقوعہ پر پہنچ کر بروقت امدادی کارروائیاں شروع کیں

چنار (این این آئی) شمورہ غورگ میں خالد مریم نامی شخص کی مکان کی چھت اچانک گرنے سے دو خواتین جاں بحق ہو گئیں۔ ریسکیو 1122 کو چائے وقوعہ پر پہنچ کر بروقت امدادی کارروائیاں شروع کیں۔ ریسکیو (بقیہ نمبر 4 ⓪)

گیس پائپ لائن دھماکے سے تباہ، متعدد علاقوں کی گیس سپلائی معطل

دھماکے سے پائپ لائن کا تقریباً 2 سے 4 فٹ حصہ متاثر ہوا، تخریب کاروں کی تلاش شروع

سی (این این آئی) بلوچستان کے ضلع سی میں نامعلوم افراد نے تخریب کاری کرتے ہوئے گیس پائپ لائن کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق دھماکہ سی پیچک ہسپتال کے قریب پیش آیا، جس کے نتیجے میں 4 افراد شدید زخمی ہوئیں۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیموں نے فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ کر بروقت امدادی کارروائیاں شروع کیں۔ ریسکیو (بقیہ نمبر 7 ⓪)

عالمی مائن کا محو اسلام آباد امریکہ وایران مذاکرات کی تیاریاں مکمل

راجہ شوکت عزیز بھٹی اور ثاقب علی بیگ ایڈووکیٹ کا پاکستان قیادت کو خراج تحسین پاکستانی مشن خطے کو بڑی جنگ سے بچانے کی ضمانت ہے

پاکستان کا بڑھتا ہوا عالمی اثر و رسوخ اور خطے میں امن کی تباہی کا ثبوت ہے ہماری امن پسندی کو کمزوری نہ سمجھا جائے، ایم پی اے راجہ شوکت عزیز بھٹی، ثاقب علی بیگ ایڈووکیٹ

عوامی ایم پی اے راجہ شوکت عزیز بھٹی اور ثاقب علی بیگ ایڈووکیٹ کی فائل فوٹو

کوجرخان (کرشمہ/ا) پاک امریکہ اور ایران اسرائیل حالیہ کشیدگی کے تناظر میں خطے میں امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنے کے لیے پاکستانی قیادت کے قلیدی کردار پر عوامی حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ عوامی ایم پی اے راجہ شوکت عزیز بھٹی اور مسلم لیگ ن کوجرخان کے ممتاز سیاسی رہنما قانون دان ایڈووکیٹ ثاقب علی بیگ نے ایک مشترکہ بیان میں وزیراعظم میاں شہباز شریف، سپہ سالار فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر اور نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کا دشوں کو شاندار الفاظ (بقیہ نمبر 5 ⓪)

پاک فضائیہ کے ہیرو فلائٹ لیفٹیننٹ سمیل چوہدری کی 14 ویں برسی 13 اپریل کو ہوگی

کوٹہ: (این این آئی) پاک فضائیہ کے ہیرو فلائٹ لیفٹیننٹ سمیل چوہدری کی 14 ویں برسی 14 اپریل کو ہوگی اس موقع پر انہیں خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔ 27 اگست 1941 کو پیدا ہونے والے سمیل چوہدری نے 1965 کی جنگ کے دوران غیر معمولی جذبے اور مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے تین بھارتی طیاروں کو مار گرایا۔ سمیل (بقیہ نمبر 5 ⓪)

میانوالی، طوفانی بارشوں سے گندم، چنے اور کینو کی کھڑی فصلیں تباہ

میانوالی (این این آئی) مسلسل طوفانی بارشوں نے موچھ، دیوالی، پائی خیل، سواس، داؤخیل، تری خیل، رد کھڑی سمیت ضلع بھر میں گندم، چنے اور کینو کی تیاری کھڑی فصلوں کو تباہ و برباد کر دیا ہے کوٹس کے چند کھاتوں کی کھیتیں بھی نیچے گئے گئی ہیں اور متعدد کچے مکانات کی دیواریں زمین بوس ہو چکی ہیں کسانوں اور عوام نے اہل ٹالنے کیلیے ساجد میں دعائیں کروانی شروع کر دیں مسلسل طوفانی بارشوں کی بدولت علاقوں میں پانی ہی پانی ہے اس (بقیہ نمبر 5 ⓪)

پنجاب پولیس کے بجٹ میں 6 ارب روپے کی کٹوتی

آپریشنل سرگرمیوں پر اثرات کا خدشہ، وردی، اسلحہ خریداری متاثر ہونے کا امکان

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس کے بجٹ پر بڑا کٹ لگ گیا، محکمہ خزانہ نے آپریشنل فنڈ کے 6 ارب روپے روک لیے۔ پولیس حکام کے مطابق پولیس کو رواں سال کے چوتھے کوارٹر میں 50 ارب کے فنڈز ملنے تھے۔ پولیس حکام کے مطابق پنجاب پولیس کو رواں سال 200 ارب میں صرف 194 ارب کے فنڈز جاری کیے گئے ہیں جبکہ محکمہ خزانہ نے 6 ارب روپے روک لیے ہیں جسکے اثرات فورس کی سرگرمی خریداری پر بڑے گے ارب کے فنڈز ملنے تھے۔ پولیس حکام کے خدشہ ہے۔ حکام نے (بقیہ نمبر 3 ⓪)

لاہور: ایپیٹیشل سیکرٹری مثمر نامہ سرمتاق پر دھان پاکستان محکمہ زراعت پر بند تک کیلئے رعیش سگھ اروڈ کے ہمراہ اوا آمد بارڈر پر بھارت سے آنے والے سکھ یاتریوں کا استقبال کر رہے ہیں

ضلع اٹک میں سیاسی اقدار کی پامالی کی شدید مذمت

مسلم لیگ (ن) کا دوٹوک موقف

سیاست میں اختلاف رائے ایک جمہوری حق ہے، مگر ذاتی حملے اور کردار کشی کسی بھی مہذب معاشرے میں قابل قبول نہیں

میر نوید سرف ایک باصلاحیت سیاسی ورکر ہیں بلکہ ضلع بھر میں اتحاد و یگانگت کی علامت کے طور پر جانے جاتے ہیں، ملک حماد

ضلع اٹک کی ضخیت ضلع اٹک کے کارکنان کے جانب سے جاری اپنے بیان میں کرشمہ روز پیٹریاٹی کے جلسہ میں پاکستان مسلم لیگ (ن) ضلع اٹک کے سینئر نائب صدر نوید کے خلاف کی جانے والی نازیبا اور غیر اخلاقی گفتگو کی شدید الفاظ مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاست میں اختلاف رائے ایک جمہوری حق ہے مگر ذاتی حملے اور کردار کشی کسی بھی مہذب معاشرے میں قابل قبول نہیں۔ میر نوید (بقیہ نمبر 5 ⓪)

سرگودھا، مکنہ سیلابی صورتحال سے نمٹنے کے لیے موک ایکسرسائز کا انعقاد کر کے عملی مظاہرہ

سرگودھا (این این آئی) مکنہ سیلابی صورتحال سے نمٹنے کے لیے موک ایکسرسائز کا انعقاد کر کے عملی مظاہرہ کیا گیا۔ سرگودھا میں مون سون اور ڈرائی موک ایکسرسائز میں 23 مختلف محکموں نے حصہ لیکر عملی مظاہرہ کیا اور بتایا کہ اس ایکسرسائز کا مقصد ہنگامی حالات میں بروقت اور موثر ردعمل کو یقینی بنانے کے لیے اداروں کے درمیان باہمی رابطہ تیاریوں اور عملی اقدامات کا جائزہ لینا تھا۔ اس موقع پر مختلف اداروں کے ریسکیو آپریشن، انخلاء، طبی (بقیہ نمبر 3 ⓪)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

اور بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

E-Commerce Website Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035